(و) آیابلاجواز تاخیر یاغفلت کا مرتکب پائے جانے والے اہلکاران کو اس کا ذمہ دار ٹھہرایاجائے گا؟

وزیرانچارج برائے عملہ ڈویژن (سینیٹر احمد خان چیمہ)

(الف) مطلع کیا جاتا ہے کہ وفاقی ملازمین بہبود فنڈ اور گروپ انشورنس فنڈ (ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف) کے تحت الوداعی گرانٹ اور ریٹائرمنٹ فوائد سمیت کلیمز طویل عرصے تک زیرِالتوانہیں رہتے۔تاہم، یہ قابل ذکر ہے کہ ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف کی تمام فلاحی اسکیموں کے دعوے سال بھر روزانہ کی بنیاد پر وصول کیے جاتے ہیں اور ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف فلاحی دعووں کو نمٹانے کے لیے پینتالیس (45) دن لیتاہے، بشرطیکہ تمام پہلوؤں سے دستاویزات مکمل ہوں۔تاہم، اگر کوئی اعتراض ہو تو متعلقہ محکموں/ملازمین کو مطلوبہ دستاویزات فراہم کرنے کے لیے مطلع کیا جاتاہے۔مطلوبہ دستاویزات/معلومات موصول ہونے پر متعلقہ کیسز اسی کے مطابق نمٹادیے جاتے ہیں۔

(ب) ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف ہر سال اپنی فلاحی اسکیموں کے تقریباً 125,000 کلیمز کی ادائیگی/تصفیہ کرتاہے۔تاہم، 31 اگست 2026ء تک ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف کی فلاحی اسکیموں سے متعلق موصولہ، نمٹائے گئے اور زیرِالتوا کیسز کی تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	اسکیم کا نام	موصول ہونے والے کلیمز	کارروائی مکمل/نمٹائے گئے	زیرِالتوا
1	شادی گرانٹ	1220	1051	169
2	الوداعی گرانٹ	2404	1695	709
3	تعلیمی وظیفہ، کیٹیگری I-تاIV	3341	2925	416
4	فیس کی واپسی، کیٹیگری V-	580	538	42
5	ماہانہ امدادی گرانٹ	1092	1022	70
کل		8,637	7,231	1,406

2۔کیس نمبر پی اے اے/اوایف-2763 کے حوالے سے وضاحت کی جاتی ہے کہ ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف کا اندراج اور کیس کی پیروی/سراغ رسانی کا نظام ملازم/مستفید ہونے والے شخص کے قومی شناختی کارڈ نمبر کی بنیاد پر کام کرتاہے۔تاہم، فراہم کردہ کیس نمبر، جس پر کوئی تاریخ درج نہیں، بظاہر کلیم کو متعلقہ محکمے کے مراسلہ نمبر سے منسوب کرنے کے لیے ہے۔لہٰذا، متعلقہ

ملازم/مستفید ہونے والے شخص کا نام، قومی شناختی کارڈ نمبر اور محکمے کا نام فراہم کرنے کی درخواست کی گئی ہے، تاکہ ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف کلیم کی اصل صورتِ حال واضح کر سکے۔

(ج) ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف سہولت فراہم کرنے کے اقدام کے طور پر محکموں/مستفید ہونے والے افراد کی جانب سے جمع کرائے گئے نامکمل کلیم بھی قبول کرتا ہے۔

2۔ متعلقہ اسکیم/کیٹیگری کے تحت کیس نمبر جاری کیا جاتا ہے اور بعد ازاں اعتراضات پر مشتمل مراسلہ جاری کیا جاتا ہے، جس میں کلیم پر کارروائی کے لیے درکار دستاویزات/معلومات کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

3۔ تاہم، بہت سے معاملات میں مستفید ہونے والے افراد اعتراضاتی مراسلہ کے جواب میں تمام مطلوبہ دستاویزات ایک ہی مرتبہ فراہم نہیں کرتے، بلکہ ضروری دستاویزات مختلف مراحل میں جمع کراتے ہیں، جس کے نتیجے میں غیر ضروری خط و کتابت اور مزید اعتراضات پیدا ہوتے ہیں۔ چنانچہ ایسے کلیمز کی کارروائی اور حتمی تصفیے میں اضافی وقت لگتا ہے۔

(د) حکومت کی مجموعی ڈیجیٹلائزیشن پالیسی کے تحت، اور ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف کی فلاحی اسکیموں کے مستفید ہونے والے افراد کو سہولت فراہم کرنے کے لیے، بورڈ آف ٹرسٹیز نے 4 مارچ 2026ء کو منعقدہ اپنے 131 ویں اجلاس میں فیصلہ کیا کہ:

''ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف، نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (این آئی ٹی بی) کو ایک آن لائن ویب پورٹل کی تیاری کے لیے کام سونپے گا، جس کے ذریعے درخواستوں کو آن لائن جمع کروانے اور ان کی حیثیت کی تازہ ترین معلومات فراہم کی جا سکیں گی۔ مزید برآں، متعلقہ محکموں اور مستفید ہونے والے افراد کو اخبارات اور الیکٹرانک ذرائع ابلاغ کے ذریعے مطلع کیا جائے گا کہ وہ اپنی دستاویزات مذکورہ آن لائن پورٹل کے ذریعے جمع کرائیں۔''

2۔ مذکورہ فیصلے کی تعمیل میں، ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف نے نیشنل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (این آئی ٹی بی) کو فلاحی اسکیموں کے لیے آن لائن درخواستوں کی وصولی اور ان کی پیروی کے مقصد سے ویب پورٹل تیار کرنے کی ذمہ داری سونپی ہے۔ اس پورٹل کا مقصد درخواستوں کو آن لائن جمع کروانے اور ان کی پیش رفت کا سراغ لگانے کے لیے سہولت فراہم کرنا ہے۔ اس پورٹل کی نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں:

الف) درخواستوں کو آن لائن جمع کروانا

ب) درخواستوں کی پیش رفت کی حقیقی وقت میں نگرانی

ج) قومی شناختی کارڈ/بائیومیٹرک کی بنیاد پر مستفید ہونے والے شخص کی تصدیق

د) خودکار/ڈیجیٹل درخواستوں کی کارروائی

ہ) مستفید ہونے والوں کی خدمات کے لیے مرکزی پورٹل

و) حیثیت سے متعلق اطلاعات اور شفافیت

ز) انتظامی رپورٹس اور نگرانی

3۔ این آئی ٹی بی، ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف کی ضروریات کے مطابق پورٹل تیار کر رہا ہے۔ تیاری، جانچ اور تنصیب مکمل ہونے پر ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف کے مستفید ہونے والے افراد آن لائن درخواستیں جمع کرا سکیں گے اور اپنے کلیمز کی حیثیت سے متعلق معلومات حقیقی وقت میں حاصل کر سکیں گے۔ تاہم، بورڈ آف ٹرسٹیز کی ہدایات کے پیشِ نظر، اگر این آئی ٹی بی مقررہ مدت میں پورٹل فراہم کرنے میں ناکام رہتا ہے تو خدمات کی بروقت خودکاری یقینی بنانے کے لیے پورٹل سے متعلق ضروریات کو مجوزہ مکمل مربوط انٹرپرائز ریسورس پلاننگ (ای آر پی) منصوبے میں شامل کیا جائے گا۔

4۔اسی دوران، ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف تمام تنظیمی امور کا احاطہ کرنے والے ویب پر مبنی، حسبِ ضرورت مربوط مکمل انٹرپرائز ریسورس پلاننگ (ای آر پی) نظام کی خریداری کا عمل بھی شروع کرنے جارہا ہے۔اس میں انسانی وسائل کا انتظام، سرمایہ کاری کا انتظام، مالیات و حسابات، وصولی اور آن لائن درخواستوں کو جمع کروانا، دفتری کارروائیوں کی خودکاری اور مستفید ہونے والوں کو خدمات کی فراہمی وغیرہ شامل ہیں۔اس مقصد کے لیے ایک مشاورتی فرم کے ذریعے تجاویز طلب کرنے کی درخواست (آر ایف پی) تیار کی گئی ہے، جس کا تقرر پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (پی پی آر اے) کے قواعد کے تحت کیا گیا ہے۔

(ہ) وفاقی ملازمین بہبود فنڈ اور گروپ انشورنس ایکٹ، 1969ء کے باب 5، دفعہ 20(2) (منسلکہ (A-میں دیگر امور کے علاوہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ ''بہبود فنڈ اور انشورنس فنڈ کے حسابات کا آڈٹ ایسے ادارے یا ایجنسی کے ذریعے کیا جائے گا جسے وفاقی حکومت، آڈیٹر جنرل آف پاکستان سے مشاورت کے بعد، مقرر کرے۔''

آڈیٹر جنرل آف پاکستان ہر سال ایف ای بی اینڈ جی آئی ایف کے حسابات کا آڈٹ کرتا ہے۔تاہم، چونکہ مذکورہ ایکٹ میں تیسرے فریق سے آڈٹ کرانے کی شرط لازمی قرار نہیں دی گئی، اس لیے ایسا کوئی آڈٹ نہیں کیا گیا۔

(و) پیرا گراف (ج) کے جواب کی وضاحت کے مطابق، کلیمز کی کارروائی میں تاخیر کی بنیادی وجہ مستفید ہونے والے افراد کی جانب سے نامکمل دستاویزات جمع کرانا اور مطلوبہ دستاویزات تاخیر سے فراہم کرنا ہے۔

(منسلکہ قومی اسمبلی کی لائبریری میں رکھ دیا گیا ہے)

125۔*ڈاکٹر شرمیلا فاروقی: کیا وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات بیان فرمائیں گے:

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ جی ۵ اسپیکٹرم کی نیلامی کے نتیجے میں دستیاب اسپیکٹرم ۲۷۴ میگا ہرٹز سے بڑھ کر ۷۵۴ میگا ہرٹز ہونے کے باوجود بڑے شہروں بالخصوص کراچی میں موبائل اور انٹرنیٹ سروس کا معیار اب بھی ناقص ہے اور ۲۲ شہروں میں صرف ۴۴۹ فعال جی ۵ سائٹس موجود ہیں جو قومی ٹاورز کا ایک فیصد سے بھی کم ہیں نیز کراچی میں صرف ۵۰ سائٹس ہیں؛

(ب) آیا روزانہ ۱۰ گھنٹے تک لوڈشیڈنگ سے موبائل ٹاورز متاثر ہونے کے حوالے سے کمیٹی کے خدشات کا ازالہ کر دیا گیا ہے؛ نیز

(ج) پی ٹی اے کی جانب سے خدمات کے معیار میں بہتری نہ آنے کے اعتراف کے تناظر میں ٹیلی کام انفراسٹرکچر کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے سلسلے میں وزیر اعظم کی اعلیٰ سطحی کمیٹی کی پیش رفت کیا ہے؟

وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات (محترمہ شزیٰ فاطمہ خواجہ)

(الف) نئے نیٹ ورک کے اجراء سے متعلق ذمہ داریاں 19 مارچ 2026 کو جاری کردہ این جی ایم ایس لائسنسز میں شامل کی گئیں تھیں۔ مذکورہ ذمہ داریوں پر وزیرِ خزانہ کی سربراہی میں قائم آکشن ایڈوائزری کمیٹی نے غور وخوض کے بعد ان کی سفارش کی، جس کے بعد اقتصادی رابطہ کمیٹی (ECC) نے منظوری دی اور بالآخر وفاقی حکومت نے پالیسی ہدایات کے ذریعے ان کی توثیق کی۔نیٹ ورک کی توسیع سے متعلق ان ذمہ داریوں کا مقصد فور۔جی کوریج میں موجود خلا کو پُر کرنا اور فائیو۔جی سروسز کا مرحلہ وار (چار مراحل میں) اجراء یقینی بنانا ہے۔تفصیلات ضمیمہ ''الف'' پر موجود ہیں۔

الف۔ اضافی اسپیکٹرم بینڈز کی تعیناتی اور نیٹ ورک کی جاری توسیع/رول آؤٹ کے نتیجے میں موبائل اور انٹرنیٹ سروسز کے معیار میں بتدریج بہتری آرہی ہے۔

ب۔ فائیو۔جی نیٹ ورک کا اجراء متحرک انداز سے جاری ہے اور منظور شدہ مرحلہ وار تعیناتی کے منصوبے کے مطابق اس پر عمل درآمد کیا جارہا ہے۔اس وقت تمام سیلولر موبائل آپریٹرز (CMOs) کی جانب سے فائیو۔جی نیٹ ورک کے اجراء کا پہلا مرحلہ جاری ہے۔

ج۔ ملک بھر کے 24 شہروں میں تعینات کردہ فائیو-جی سائٹس کی تعداد بڑھ کر 1,782 ہوگئی ہے، جو ملک گیر سطح پر جاری نیٹ ورک کے اجراء میں نمایاں پیش رفت کی عکاسی کرتی ہے۔ کراچی میں اب تک 385 فائیو-جی سائٹس تیار کی جاچکی ہیں۔ لہٰذا، سوال میں بیان کردہ 22 شہروں میں 449 سائٹس اور کراچی میں 50 سائٹس کے اعداد و شمار موجودہ صورتِ حال کی عکاسی نہیں کرتے۔

د۔ کراچی میں فائیو-جی سائٹس کی تعداد جولائی 2026 میں 90 سے بڑھ کر ستمبر 2026 تک 385 ہوگئی، جو 295 اضافی سائٹس کے قیام کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ اضافہ شہر میں فائیو-جی سروسز کی تیز رفتار توسیع کا عکاس ہے۔ تفصیلات ضمیمہ ''ب'' میں درج ہیں۔

ہ۔ پاکستان کی مجموعی آبادی میں تقریباً 7.8 فیصد حصہ رکھنے والے شہر کراچی میں اس وقت ملک بھر میں تعینات کردہ 1,782 فائیو-جی سائٹس میں سے 385 سائٹس موجود ہیں، جو مجموعی تعداد کا 21.5 فیصد ہیں۔ یہ تناسب آبادی کے لحاظ سے کراچی کے حصے کے فائیو-جی نیٹ ورک کی نمایاں طور پر زیادہ تعیناتی کو ظاہر کرتا ہے۔

و۔ اس کے علاوہ، کراچی میں تقریباً 5,000 ایل ٹی ای/فور-جی سائٹس موجود ہیں، جو پاکستان میں قائم مجموعی بی ٹی ایس (BTS) کا تقریباً 8 فیصد ہیں۔ یہ تناسب مجموعی طور پر کراچی کی آبادی کے حصے کی مطابقت میں ہیں۔

ز۔ مزید برآں، کراچی میں فائیو-جی سائٹس کی اصل تعداد 1,000 سے تجاوز کرنے کی توقع ہے، کیونکہ لائسنس میں مقرر کردہ 10 فیصد کی شرط کم از کم لازمی لائسنس ذمہ داری کی حیثیت رکھتی ہے، اور فائیو-جی نیٹ ورک کی تنصیب کی مذکورہ حد، فائیو-جی سروسز کے مزید پھیلاؤ کی بالائی حد تصور نہیں ہوگی۔ آپریٹرز آبادی کی کثافت، ٹریفک کی طلب، صارفین کے ارتکاز، نیٹ ورک کے استعمال کی شرح، کوریج کی ضروریات اور معیارِ خدمات (QoS) سے متعلق ذمہ داریوں کی تکمیل کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اضافی فائیو-جی سائٹس نصب کر سکتے ہیں۔

ح. ان علاقوں میں فائیو-جی سروسز کے ساتھ ساتھ فور-جی کی بہتر کارکردگی بھی فراہم کی جارہی ہے جہاں نئے بی ٹی ایس (BTS) کی تنصیب اور اسپیکٹرم کے انضمام کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔ کوریج کی تازہ ترین معلومات متعلقہ آپریٹرز کی ویب سائٹس پر کوریج کے نقشہ جات کے ذریعے صارفین تک پہنچائی جارہی ہیں۔

ط. معیارِ خدمات کی کارکردگی سے متعلق اعداد و شمار سی ایم اوز (CMOs) کی جانب سے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (PTA) کو ماہانہ بنیادوں پر فراہم کیے جاتے ہیں۔ موصولہ اعداد و شمار کی بنیاد پر، پی ٹی اے مقررہ معیارِ خدمات کی ذمہ داریوں پر عمل درآمد اور ان میں بہتری کا جائزہ لینے کے لیے فیلڈ سروے منعقد کرتی ہے۔ معیارِ خدمات سے متعلق ذمہ داریوں کی تفصیلات ضمیمہ ''ج'' پر موجود ہیں۔

2. پی ٹی اے، سی ایم اوز کے فائیو-جی نیٹ ورک کے آغاز اور توسیع کے منصوبوں کی قریبی نگرانی کر رہی ہے تاکہ توسیعی ذمہ داریوں پر بروقت عمل درآمد اور فائیو-جی کوریج کی مناسب توسیع کو یقینی بنایا جاسکے۔

(ب) موبائل ٹاورز پر طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ کے اثرات سے متعلق کمیٹی کے تحفظات کو پی ٹی اے کی جانب سے نیپرا (NEPRA)، پاور ڈویژن اور بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (DISCOs) کے ساتھ رابطہ کاری کے ذریعے زیرِ غور لایا گیا ہے۔ وزارتِ انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن (MoITT) کے سیکریٹری کی سربراہی میں قائم ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی بجلی کے مخصوص فیڈرز، اسمارٹ گرڈ کے حل اور صنعتی ٹیرف کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے تاکہ سروسز میں تعطل کو کم کیا جاسکے۔ آپریٹرز کو بی ٹی ایس سائٹس پر متبادل بجلی کی فراہمی کے انتظامات، بشمول بیٹری بینکس، شمسی توانائی اور جنریٹرز، کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔

(ج) کمیٹی نے اپنی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے اور مداخلت کے لیے ابتدائی نتائج کا جائزہ لیا ہے۔ اگرچہ ان اقدامات کے نتیجے میں بعض علاقوں میں پیش رفت سامنے آئی ہے، تاہم دور دراز اور زیادہ لوڈشیڈنگ سے متاثرہ اضلاع میں طویل دورانیے کی بجلی کی بندش، بجلی کی چوری، توڑ پھوڑ اور دشوار گزار جغرافیائی حالات کے باعث سروسز کا تسلسل تاحال متاثر ہو رہا ہے۔ توقع ہے کہ کمیٹی کی جاری کوششوں اور پی ٹی اے کی جانب سے معیارِ خدمات کے تقاضوں پر مسلسل عمل درآمد یقینی بنانے کے اقدامات کے نتیجے میں ان مسائل پر بتدریج قابو پایا جاسکے گا اور سروسز کے معیار میں بہتری آئے گی۔

(منسلکہ جات قومی اسمبلی کی لائبریری رکھ دیئے گئے ہیں)

126۔* محترمہ نتاشا دولتانہ: **کیا وزیر انچارج برائے کابینہ ڈویژن بیان فرمائیں گے:**

(الف) آیا پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے پورے پاکستان کے اسکولوں کے لیے کوئی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام شروع کیا ہے؛ اگر ایسا ہے تو اس کی تفصیلات کیا ہیں؛

(ب) مذکورہ پروگرام سے بالخصوص پیشہ ورانہ کرکٹ میں ٹیلنٹ کی شناخت، تربیت اور مزید مواقع کے حوالے سے کتنے طلبہ/اسکولوں کے مستفید ہونے کی توقع ہے؛

(ج) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ کھیل کے مناسب میدان، طلبہ کی کافی تعداد اور کھیلوں کی سہولیات رکھنے والے بعض اسکولوں نے پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے لیے اپنا اندراج نہیں کرایا؛ اگر ایسا ہے تو اندراج نہ کرانے کی وجوہات معلوم کرنے کا طریقۂ کار کیا ہے؛ نیز

(د) آیا مذکورہ اسکولوں کے سربراہان/انتظامیہ سے اہل طلبہ/اسکولوں کا جان بوجھ کر اندراج نہ کرانے اور باصلاحیت طلبہ کو ایک موقع سے محروم رکھنے پر کوئی جواب طلبی یا وضاحت طلب کی گئی ہے؟

وزیر انچارج برائے کابینہ ڈویژن

(الف) پاکستان کرکٹ بورڈ (PCB) ایک خود مختار ادارہ ہے جو اپنے بورڈ کے ذریعے چلایا جاتا ہے۔ پی سی بی نے 2026-2025ء کے ڈومیسٹک سیزن کے دوران اسکول کی سطح پر ابھرتے ہوئے کرکٹ ٹیلنٹ کی نشاندہی اور ترقی کے لیے ایک منظم نچلی سطح کے اقدام کے طور پر "اسکولوں کے لیے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام" کے آغاز کی اطلاع دی ہے۔ اس پروگرام کو 39 اضلاع میں نافذ کیا گیا اور اس نے حصہ لینے والے اسکولوں کو ایک مسابقتی پلیٹ فارم فراہم کیا جس کے ذریعے طلبہ کرکٹرز منظم میچ کے حالات میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکتے تھے۔ فیز-I کے دوران، 387 اسکولوں نے حصہ لیا اور 793 میچز کھیلے گئے۔ طے شدہ مقابلے کے فارمیٹ اور کارکردگی کی بنیاد پر، کوالیفائی کرنے والے اسکول فیز-II (ناک آؤٹ راؤنڈ) میں پہنچ گئے، جس میں 39 اسکولوں نے 34 میچوں میں مقابلہ کیا۔ یہ اقدام نچلی سطح پر ٹیلنٹ کی نشاندہی کے پائپ لائن کو مضبوط بنانے اور قابل اطلاق سلیکشن کے معیار اور پی سی بی کے ضوابط کے تابع، ہونہار نوجوان کرکٹرز کو عمر کے گروپ اور ڈومیسٹک کرکٹ کی طرف ایک مناسب راستہ فراہم کرنے کے پی سی بی کے وسیع تر ہدف کے مطابق ہے۔

(ب) پی سی بی کے مطابق، اس پروگرام نے 39 اضلاع کے 387 اسکولوں کی نمائندگی کرنے والے 6,957 طلبہ کرکٹرز کو براہ راست شامل کیا۔ اس مرحلے کا بنیادی فائدہ منظم مسابقتی نمائش، کارکردگی کا جائزہ، اور کھلاڑیوں کے لیے پی سی بی کے زیر انتظام کرکٹ پروگرام کے ذریعے مشاہدہ کیے جانے کا موقع تھا۔ پروگرام میں شرکت خود بخود پیشہ ورانہ یا نمائندہ کرکٹ کے لیے انتخاب کی ضمانت نہیں دیتی۔ تاہم، صلاحیت کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کو، پی سی بی کے قائم کردہ سلیکشن کے طریقہ کار اور اہلیت کے معیار کے مطابق، ٹیلنٹ کی ترقی کے بعد کے اقدامات، عمر کے گروپ کی سرگرمیوں اور ڈومیسٹک کرکٹ کے راستے کے دیگر مراحل کے لیے

غور کیا جاسکتا ہے۔ لہذا، اس پروگرام کو ایک ایسے شناخت اور نمائش کے پلیٹ فارم کے طور پر دیکھا جانا چاہیے جو پیشہ ورانہ انتخاب کے ضمانتی راستے کے بجائے مستقبل کی ترقی کے لیے دستیاب کھلاڑیوں کے پول کو مضبوط بناتا ہے۔

(ج) پی سی بی کے پاس ایسا کوئی مصدقہ ثبوت یا آزادانہ طور پر قائم کردہ ریکارڈ موجود نہیں ہے جس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکے کہ مناسب بنیادی ڈھانچے کی حامل کسی خاص اہل اسکول نے جان بوجھ کر پروگرام کیلئے رجسٹریشن نہ کروانے کا فیصلہ کیا ہو۔ پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام فار اسکولز 2026-2025ء ملک بھر میں کھلے رجسٹریشن کے عمل کے ذریعے منعقد کیا گیا تھا جس میں شرکت رضاکارانہ تھی اور اس کا انحصار مطلع شدہ مدت کے اندر مقررہ رجسٹریشن کے عمل کو مکمل کرنے پر تھا۔ غیر رجسٹریشن کی وجوہات متعدد آپریشنل یا ادارہ جاتی عوامل ہو سکتے ہیں، جن میں پروگرام سے عدم واقفیت، اسکول کے اندرونی نظام الاوقات، انتظامی تحفظات، رجسٹریشن کا وقت، طلبہ کی دستیابی، یا دیگر ادارے سے متعلق مخصوص حالات شامل ہیں۔ دستاویزی ثبوت کی عدم موجودگی میں، کسی بھی رجسٹریشن (یا عدم رجسٹریشن) کو کسی خاص وجہ سے منسوب کرنا مناسب نہیں ہوگا۔

(د) جی نہیں، پی سی بی نے صرف عدم شرکت کی بنیاد پر اسکول کے پرنسپلوں یا انتظامیہ سے جوابدہی یا وضاحت طلب کی ہے اور نہ ہی ایسا کرنا مناسب سمجھتا ہے، خاص طور پر جہاں جان بوجھ کر اخراج یا لازمی ضرورت کو پورا کرنے میں ناکامی کا کوئی مصدقہ ثبوت موجود نہ ہو۔ پروگرام میں شرکت رضاکارانہ تھی، اور پی سی بی کا تعلیمی اداروں پر کوئی ریگولیٹری یا انتظامی دائرہ اختیار نہیں ہے۔ اس کے باوجود، پی سی بی شرکت کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے اور اسکول کی سطح کی کرکٹ تک رسائی کو وسیع کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ مستقبل کے پروگراموں کے لیے، بورڈ پیشگی مواصلات، ادارہ جاتی رسائی، متعلقہ ریجنل/ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشنز کے ساتھ ہم آہنگی، رجسٹریشن کی معاونت اور آگاہی کے اقدامات کو مزید مضبوط کر سکتا ہے تاکہ اہل اسکولوں کو مناسب طور پر مطلع کیا جاسکے اور انہیں مقررہ مدت کے اندر شرکت کا معقول موقع ملے۔ یہ نقطہ نظر اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ قائم شدہ حقائق کی عدم موجودگی میں اداروں پر ذمہ داری عائد کیے بغیر پروگرام جامع، شفاف اور ترقی کی طرف مرکوز رہے۔

127۔ *ڈاکٹر نفیسہ شاہ: کیا وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی معاونت بیان فرمائیں گے:

(الف) ۲۰۲۲ء میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی کیلئے بین الاقوامی موسمیاتی و تعمیرِ نو امداد کے تحت کل کتنی رقم دینے کا وعدہ کیا گیا تھا؛

(ب) قرضوں اور گرانٹس کی الگ الگ نشاندہی کرتے ہوئے اب تک وعدہ کردہ، منظور شدہ، جاری اور استعمال کردہ رقم کیا ہے؛ نیز

(ج) وفاقی، صوبائی اور ضلعی سطح پر مذکورہ فنڈز کی منتقلی اور استعمال کی نگرانی کے لیے کون سا طریقۂ کار اختیار کیا جاتا ہے؟

وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی (سینیٹر مصدق مسعود ملک)

(الف) 2022ء کے سیلاب کے بعد، وزارت نے گرین کلائمیٹ فنڈ اور گلوبل انوائرنمنٹ فیسلٹی کے تحت سیلاب کے خطرات کے انتظام اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں مزاحمت پیدا کرنے کے لیے بین الاقوامی موسمیاتی مالی معاونت کی مد میں 76.773 ملین امریکی ڈالر تحرک میں لائے گئے ہیں (منسلکہ-I)۔ یہ پوری رقم گرانٹ کی صورت میں مالی معاونت ہے۔ اس میں کوئی قرض شامل نہیں ہے اور نہ ہی حکومت پر کسی قسم کی واپسی کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔

(ب) 76.773 ملین امریکی ڈالر کی پوری رقم منظور شدہ ہے۔ اس میں سے 19.018 ملین امریکی ڈالر جاری کیے جا چکے ہیں، جو منظور شدہ رقم کا 25 فیصد ہے۔ تفصیلات منسلکہ-II پر ہیں۔

گرانٹس کی رقم 76,772,808 امریکی ڈالر ہے۔ قرضوں کی رقم صفر ہے۔

رقوم کی اجرائی منظور شدہ سالانہ ورک پلانز اور تصدیق شدہ پیش رفت کی بنیاد پر مرحلہ وار کی جاتی ہے۔ یہ رقوم ایک ہی قسط میں جاری نہیں کی جاتیں۔ بلوچستان کے منصوبے کے معاملے میں، تصوراتی منصوبہ منظور ہو چکا ہے اور تیاری کا عمل جاری ہے، لہٰذا رقوم کا اجرا ابھی شروع نہیں ہوا۔

(ج) وفاقی سطح پر

یہ وزارت گرین کلائمیٹ فنڈ کے لیے قومی نامزد اتھارٹی اور گلوبل انوائرنمنٹ فیسلٹی کے لیے آپریشنل فوکل پوائنٹ ہے۔ اس وزارت کی جانب سے عدم اعتراض کا سرٹیفکیٹ جاری کیے بغیر کوئی منصوبہ بھی ان دونوں فنڈز میں پیش نہیں کیا جا سکتا۔

منظوری کے بعد، فنڈ کی جانب سے منظور شدہ سالانہ ورک پلانز اور بجٹ کے تحت رقوم براہِ راست تسلیم شدہ ادارے کو منتقل کی جاتی ہیں۔ ہر تسلیم شدہ ادارہ فنڈ کو سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کرتا ہے جس کا اس وزارت کی جانب سے جائزہ لیا جاتا ہے۔ منصوبوں کی اسٹیئرنگ کمیٹیاں جن میں یہ وزارت بھی شامل ہوتی ہے، ورک پلانز کی منظوری دیتی ہیں اور پیش رفت کا جائزہ لیتی ہیں۔

صوبائی سطح پر

صوبائی منصوبہ بندی و ترقی کے محکمے عمل درآمد اور رپورٹنگ کے نظام کا حصہ ہیں۔ بلوچستان کے منصوبے میں منصوبہ بندی و ترقی کا محکمہ قومی طریقۂ کار برائے عمل درآمد کے تحت عمل درآمد کرنے والا شراکت دار ہے۔ یہ منصوبے کے فنڈز اور صوبائی مشترکہ مالی معاونت، دونوں کے بارے میں رپورٹ پیش کرتا ہے۔ خیبر پختونخوا میں صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور متعلقہ محکمے منصوبے پر عمل درآمد اور رپورٹنگ کے عمل میں شریک ہیں۔

ضلعی سطح پر

خیبر پختونخوا کے اضلاع بونیر اور شانگلہ، بلوچستان کے اضلاع سبی اور کچھی، اور دریائے سندھ کے طاس کے منتخب آبی ذخائر کے مقامات پر کام کیا جاتا ہے۔ پیش رفت کی تصدیق مقامِ عمل درآمد پر کی جاتی ہے۔ اخراجات کی رپورٹ فنڈ کو منظور شدہ ادارے کے ذریعے پیش کی جاتی ہے۔ منصوبوں کی آزادانہ نگرانی اور جائزہ بھی فنڈ کے زیرِ انتظام کیا جاتا ہے۔

(منسلکہ جات قومی اسمبلی کی لائبریری میں رکھ دیئے گئے ہیں)

128۔* محترمہ شگفتہ جمانی: **کیا وزیر انچارج برائے کابینہ ڈویژن بیان فرمائیں گے:**

(الف) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کی جانب سے سیلولر موبائل آپریٹرز کے لیے کوریج، بہتر سگنل، کال ڈراپ، ڈیٹا کی رفتار اور سروس کی دستیابی کے حوالے سے مقررہ قابلِ پیمائش معیارات کیا ہیں، نیز اس میں آنے والی خرابیوں کو ختم کرنے کی مقررہ مخصوص مدت کیا ہے؛

(ب) آیا حالیہ سروے میں سروس کے معیار کو اطمینان بخش قرار دیے جانے کے باوجود، پی ٹی اے کو دیہی اور دور دراز علاقوں میں کمزور سگنلز، ناکافی کوریج اور بار بار سروس میں تعطل کی آگاہی ہے؛ نیز دیہی اور شہری علاقوں کے درمیان رابطے کے فرق کو کم کرنے کے لیے کیا اقدامات کیے جا رہے ہیں؛

(ج) آیا پی ٹی اے حقیقی رابطہ کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے آزادانہ طور پر اس کا میدانی جائزہ بھی لیتا ہے، اور اگر ایسا ہے تو ان کی باقاعدگی، طریقۂ کار اور نتائج کی تفصیلات کیا ہیں؛

(د) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران معیارِ خدمات میں ناکامی کے باعث آپریٹرز-وار کتنی ایڈوائزریز، نوٹسز اور جرمانے عائد کیے گئے نیز ان جرمانوں میں سے کتنی رقوم حقیقتاً وصول کی گئیں، اور کتنے مقدمات زیرِ التوا یا متنازع ہیں؛

(ہ) آیا آپریٹرز کے لیے خراب ٹاورز کو مقررہ مدت کے اندر بحال کرنا اور بلا تعطل خدمات کی فراہمی کے لیے وافر متبادل توانائی کا انتظام برقرار رکھنا لازم ہے؛ نیز

(و) تمام شہریوں کے لیے قابل اعتماد اور مساوی رابطہ کو یقینی بنانے کے لیے پی ٹی اے اور سیلولر آپریٹرز کے مؤثر احتساب کو یقینی بنانے کے حوالے سے کون سے اصلاحی اقدامات کیے گئے ہیں؟

وزیر انچارج برائے کابینہ ڈویژن

(الف) پی ٹی اے نے **سیلولر موبائل نیٹ ورک کوالٹی آف سروس ریگولیشنز، 2021** کے تحت کوالٹی آف سروس (کیو او ایس) کے قابل پیمائش معیار مقرر کیے ہیں۔ ان میں **نیٹ ورک تک رسائی، کال سیٹ اپ کی کامیابی کی شرح، کال ڈراپ ریٹ، ایم او ایس/اینڈ ٹو اینڈ سپیچ کوالٹی، ایس ایم ایس کی کامیابی کی شرح، ایس ایم ایس کی ترسیل کا وقت، ڈیٹا تھروپٹ، ایویلیبلٹی، ویب پیج لوڈنگ کا وقت اور سگنل کی طاقت** شامل ہیں۔ آپریٹرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ نشاندہی کی گئی کمیوں کو متعلقہ کوالٹی آف سروس قوانین کے تحت مقررہ مدت، یعنی **30 دنوں** کے اندر درست کریں۔

(ب) اگرچہ حالیہ کوالٹی آف سروس سروے مجموعی طور پر تسلی بخش سروس کی سطح کی نشان دہی کرتے ہیں، لیکن سگنل کی طاقت، کوریج اور سروس کے تسلسل سے متعلق مقامی مسائل خاص طور پر دیہی، دور دراز اور دشوار گزار علاقوں میں برقرار رہ سکتے ہیں۔ اس طرح کے چیلنجز جغرافیائی اور زمینی حدود، محدود تجارتی افادیت، بجلی کی معطلی/پاور کٹ، بیک ہال کنیکٹیویٹی اور دیگر آپریشنل عوامل کی وجہ سے پیدا ہو سکتے ہیں۔ کم سہولیات والے علاقوں میں کنیکٹیویٹی کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات میں سیلولر موبائل آپریٹرز کی طرف سے ان کی لائسنس کی ذمہ داریوں کے مطابق نیٹ ورک کی توسیع، یونیورسل سروس فنڈ (یو ایس ایف) کے منصوبے، اور پی ٹی اے کی طرف سے ریگولیٹری نگرانی اور کارروائی شامل ہے جہاں مقررہ کوالٹی آف سروس معیار کی عدم تعمیل کی نشان دہی ہوتی ہے۔

(ج) پی ٹی اے باقاعدگی سے ملک بھر میں کوالٹی آف سروس سروے کرتا ہے، جس میں بین الاقوامی بہترین طریقوں کے مطابق جدید ترین ٹولز اور طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے مقررہ کی پرفارمنس انڈیکیٹرز کے مطابق موبائل وائس، ایس ایم ایس اور براڈ بینڈ سروسز کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ **2026 کی پہلی اور دوسری سہ ماہی (کیو 1 اور کیو 2)** کے دوران، **31 شہروں** میں سروے کیے گئے، جبکہ **17 فوکسڈ ایریاز** اور **14 دیہی علاقوں** کو بھی کور کیا گیا۔

ان سروے کے نتائج سروس کے معیار میں فرق اور ان شعبوں کی نشاندہی کرتے ہیں جن میں بہتری کی ضرورت ہے۔ سروے کے نتائج عوام کی معلومات کے لیے باقاعدگی سے پی ٹی اے کی آفیشل ویب سائٹ **www.pta.gov.pk** پر شائع کیے جاتے ہیں۔ نشاندہی شدہ مسائل اور عدم تعمیل پر متعلقہ سیلولر موبائل آپریٹرز (CMOs) کے ساتھ ضروری اصلاحی اور بہتری کے اقدامات کے لیے رابطہ کیا جاتا ہے، جبکہ بہتری کا جائزہ لینے کے لیے، جہاں ضرورت ہو، فالواپ یا دوبارہ تصدیقی سروے کیے جاتے ہیں۔

(د) عدم تعمیل کے حوالے سے گزشتہ پانچ سالوں کے دوران سیلولر موبائل آپریٹرز کے خلاف کی گئی انفورسمنٹ کارروائیوں کا خلاصہ نیچے منسلک ہے، جس میں **22 تنبیہی خطوط** جاری کیے گئے، **551.35 ملین ریکور** کیے گئے جن میں سے **537.75 ملین کے وعدے (Pledged)** کیے گئے اور **58 مقدمات عدالت کے زیر التوا** ہیں:

انفورسمنٹ کارروائیوں کا جدول

نمبر شمار	لائسنس ہولڈر	شوکاز نوٹسز	جرمانہ
1	سی ایم پاک لیمیٹڈ (زونگ)	17	590,950,000
2	جازورلڈ پاکستان (پرائیویٹ) لیمیٹڈ (پی ٹی ایم ایل)	27	1,401,150,000
3	پی ٹی ایم ایل (یوفون)	31	1,873,050,000

4	ٹیلی نار پاکستان (پرائیویٹ) لیمیٹڈ	21	404,950,000
میزان:		96	4,270,100,000

(ہ) سیلولر موبائل آپریٹرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ متاثرہ نیٹ ورک سائٹس/سروسز کو مقررہ مدت کے اندر بحال کریں اور ٹیلی کام سروسز کے تسلسل کو یقینی بنانے کے لیے مناسب بیک اپ پاور کے انتظامات کو برقرار رکھیں۔ پی ٹی اے متعلقہ کوالٹی آف سروے ضروریات کی تعمیل کی نگرانی کرتا ہے اور ضروری اصلاحی اقدامات کے لیے متعلقہ آپریٹرز کے ساتھ سروس میں انقطاع کا مسئلہ اٹھاتا ہے۔

پی ٹی اے نے وزارتِ آئی ٹی و ٹیلی کام کے تحت قائم کردہ جوائنٹ ٹاسک فورس کے ذریعے نیپرا، پاور ڈویژن اور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے ساتھ بھی تعاون کیا ہے تاکہ ایسے اقدامات کیے جاسکیں جن میں مخصوص فیڈرز سمارٹ گرڈ حل اور مناسب ٹیرف انتظامات شامل ہیں تاکہ ٹیلی کام سروسز پر بجلی کی معطلی کے اثرات کو کم کیا جاسکے۔

(و) اصلاحی اقدامات میں زائد/متبادل بیک ہال کنیکٹیویٹی، نیٹ ورک کی مضبوطی میں اضافہ، بحالی کے بہتر انتظامات، اور سروس میں خلل کو کم سے کم کرنے اور ٹیلی کام سروسز کے تسلسل کو یقینی بنانے کے لیے مناسب بیک اپ پاور کے انتظامات شامل ہیں۔ PTA متعلقہ آپریٹرز کی طرف سے اصلاحی اقدامات پر عمل درآمد کی نگرانی کرتا ہے اور جہاں ضرورت ہو، نشاندہی کی گئی کمیوں کی اصلاح کا جائزہ لینے کے لیے دوبارہ تصدیقی ٹیسٹنگ کرتا ہے۔

129۔* جناب چنگیز احمد خان: کیا وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ بیان فرمائیں گے:

(الف) گزشتہ پانچ مالی سالوں کے دوران کتنے خلاف ضابطہ، دوہرے یا غیر مستحق افراد کی نشاندہی کی گئی؛ اس میں شامل رقم کتنی تھی اور کتنی رقم وصول کی گئی ہے؛

(ب) بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی ادائیگیوں سے متعلق غیر قانونی کٹوتیوں، غیر مجاز چارجز، جعلی بائیومیٹرک تصدیق، غیر مجاز رقوم نکلوانے یا دیگر بدعنوان طریقہ ہائے کار کے کتنے واقعات سامنے آئے ہیں؛

(ج) آیا ایسی شکایات یا بے ضابطگیاں نگرانی/آڈٹ کے ذریعے سامنے آئیں یا کسی دیگر ذرائع سے وزارت کے علم میں لائی گئیں؛ نیز ان پر کیا کارروائی کی گئی؛

(د) رقوم کی تقسیم کے لیے کتنی بینک کی شاخیں، کیمپ سائٹس، ایجنٹس/پی او ایس ایجنٹس اور اے ٹی ایمز استعمال کیے جارہے ہیں، ان کی نگرانی کا طریقۂ کار کیا ہے، اور کتنے ایجنٹس/پی او ایس ایجنٹس کو معطل، بلیک لسٹ کیا گیا یا ان کے خلاف کارروائی کی گئی، نیز ان سے کتنی رقم وصول کی گئی؛

(ہ) آیا بی آئی ایس پی انسانی مداخلت اور ثالثی پر انحصار کم کرنے کے لیے براہِ راست ڈیجیٹل ادائیگیوں، بینک اکاؤنٹس، ڈیبٹ کارڈز، اے ٹی ایمز، موبائل والٹس اور دیگر محفوظ ذرائع کو وسعت دینے کی تجویز رکھتا ہے، تاکہ مستحقین کو منظور شدہ پوری رقم وصول ہو سکے؛ نیز

(و) تصدیق، نگرانی، شکایات کے ازالے اور رقوم کی وصولی کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے مقررہ مدت پر مشتمل منصوبہ کیا ہے، تاکہ ادائیگیوں کو شفاف، محفوظ اور باوقار بنایا جاسکے؟

وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ (سید عمران احمد شاہ)

(الف) بے قاعدہ، دوہرے اور نااہل مستفدین کی نشاندہی اور ان کی ادائیگیاں روکنے کے لیے، بی آئی ایس پی نادرا اور دیگر متعلقہ حکام کے اشتراک سے مسلسل ڈیٹا کی جانچ پڑتال اور تصدیق کا عمل انجام دے رہا ہے۔ 2019ء میں وفاقی کابینہ کے اس فیصلے پر عمل درآمد کرتے ہوئے کہ بی آئی ایس پی سے مستفید ہونے والے سرکاری ملازمین اور/یا ان کے شریکِ حیات کی ادائیگیاں بند کر دی جائیں،

0.8 ملین سے زائد مستفدین کی بی آئی ایس پی سے ادائیگیاں روک دی گئیں۔ آڈٹ رپورٹ 20-2019ء کے مطابق، 140,488 سرکاری ملازمین/ان کے شریکِ حیات کی نشاندہی کی گئی جو بی آئی ایس پی سے رقم وصول کر رہے تھے، یہ معاملات رقوم کی وصولی اور تادیبی کارروائی کے لیے متعلقہ حکام، بشمول صوبائی چیف سیکرٹریوں، اکاؤنٹنٹ جنرل، ایف آئی اے اور سی جی اے کو بھجوادیے گئے۔ اب تک 712.40 ملین روپے وصول کیے جاچکے ہیں، جن میں ایف آئی اے کے ذریعے 545.784 ملین روپے، بی آئی ایس پی کے ملازمین سے 21.550 ملین روپے اور دیگر سرکاری محکموں سے 145.066 ملین روپے شامل ہیں۔ بی آئی ایس پی کے 236 ملازمین سے رقوم کی وصولی کا عمل بھی شروع کیا گیا اور قصوروار ملازمین کے خلاف تادیبی کارروائی کی گئی۔ بعد ازاں، سرکاری ملازمین/پنشن یافتگان کا تازہ ترین ڈیٹا سی جی اے، وزارتوں، خود مختار اداروں اور ایس او ایز سے حاصل کیا گیا، اور جانچ پڑتال اور مزید کارروائی کے لیے 6 ملین سے زائد ریکارڈ بھجوائے گئے۔ ایم آئی ایس میں دستیاب تازہ ترین معلومات کے مطابق، آڈٹ کے ذریعے شناخت کیے گئے 229,157 سرکاری ملازمین یا ان کے شریکِ حیات بدستور بی آئی ایس پی کے مستفدین کی حیثیت سے رقم وصول کرنے سے محروم رہے۔ ان میں سے 32,971 ایسے معاملات، جن میں ماہانہ پنشن 29,000 روپے یا اس سے کم ہے، بی آئی ایس پی بورڈ کے فیصلے کے مطابق رقوم کی واپسی سے مستثنیٰ قرار دیے گئے ہیں۔ ڈیٹا کو اپ ڈیٹ کرنے، اس کی جانچ پڑتال، ادائیگیاں روکنے اور رقوم کی وصولی کا عمل جاری ہے؛ لہٰذا بے قاعدہ/نااہل مستفدین کی تعداد، قابلِ وصول رقم اور وصول شدہ رقم میں وقتاً فوقتاً تبدیلی ہو سکتی ہے۔ 2019ء سے اب تک سرکاری ملازمین/پنشن یافتگان کی تعداد اور متعلقہ رقوم کی تفصیلات منسلکہ۔الف پر ہیں۔

(ب) مذکورہ مدت کے دوران موصول ہونے والی شکایات اور ان کے تجزیے کا خلاصہ منسلکہ۔I پر ہے۔

(ج) شکایت موصول ہونے پر ہر معاملے کا جائزہ لیا جاتا ہے اور قابلِ اطلاق قواعد کے مطابق ضروری کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔ جہاں معاملہ بینکوں یا ادائیگی کی خدمات فراہم کرنے والے اداروں سے متعلق ہو، وہاں تحقیقات اور مسئلے کے حل کے لیے متعلقہ ادارے سے رجوع کیا جاتا ہے، جس میں حسبِ اطلاق جرمانے عائد کرنا، بے قاعدہ رقوم کی وصولی اور دیگر اصلاحاتی اقدامات شامل ہیں۔ دھوکہ دہی یا سنگین بدعنوانی کے معاملات میں، مستفدین کی ادائیگیوں کے تحفظ کے لیے، جہاں ضروری ہو، ذمہ دار افراد/اداروں کے خلاف قانونی یا تادیبی کارروائی کی جاتی ہے۔

(د) فی الحال، بی آئی ایس پی کی ادائیگیاں چھ شراکت دار مالیاتی اداروں (پی ایف آئیز) کے ریٹیل نیٹ ورک کے ذریعے کی جاتی ہیں۔ بینک وار اور صوبہ وار خلاصہ منسلکہ۔II پر ہے۔

ریٹیل نیٹ ورک کی نگرانی فیلڈ مانیٹرنگ، مستفدین کی شکایات، نظام پر مبنی کنٹرول، معائنوں اور آڈٹ کے ذریعے کی جاتی ہے۔ بے قاعدگیوں کی نشاندہی ہونے پر حسبِ اطلاق مناسب کارروائی کی جاتی ہے، جس میں ایجنٹوں کی معطلی/بلیک لسٹ کرنا، رقوم کی وصولی اور معاہدے کی دفعات کے تحت جرمانے عائد کرنا شامل ہیں۔

(ہ) بی آئی ایس پی، انسانی مداخلت اور درمیانی واسطوں پر انحصار کو کم سے کم کرنے کے لیے، سماجی تحفظ کے والٹس (ایس پی ڈبلیوز) کے ذریعے زیادہ سے زیادہ ڈیجیٹل نظام اور براہِ راست ادائیگی کے طریقہ کار کی جانب بتدریج پیش رفت کر رہا ہے۔ اس کا مقصد مستفدین کو زیادہ انتخاب، شفافیت، سہولت اور تحفظ فراہم کرنا ہے، نیز اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ منظور شدہ پوری رقم مستفدین کو موصول ہو۔

(و) تصدیق، نگرانی اور شکایات کے ازالے کے نظام کو منظم اور مؤثر بنانے کے لیے، بی آئی ایس پی نے شکایات کے انتظام کا مربوط نظام (آئی جی ایم ایس) تیار کر کے نافذ کیا ہے۔ یہ نظام شراکت دار مالیاتی اداروں (پی ایف آئیز) کے ساتھ مربوط ہے، جس کے نتیجے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے فریم ورک کے تحت شفافیت، شکایت کنندہ کے احترام اور تحفظ کے اصولوں کی بنیاد پر

شکایات کے ازالے کا عمل مؤثر بنایا گیا ہے۔ شکایات کے انتظام کے مربوط نظام (آئی جی ایم ایس) کو بتدریج اور ضرورت کے مطابق مزید ترقی دینا بھی منصوبہ بندی کا حصہ ہے۔ منسلکہ۔III

(منسلکہ جات قومی اسمبلی کی لائبریری میں رکھ دیئے گئے ہیں)

130۔*جناب محمد عثمان بادینی: کیا وزیر انچارج برائے کابینہ ڈویژن بیان فرمائیں گے:

(الف) ضلع نوشکی، چاغی، واشک اور خاران میں براڈ بینڈ اور موبائل انٹرنیٹ خدمات کی موجودہ صورتحال کیا ہے؛ نیز جن علاقوں میں یہ خدمات دستیاب نہیں ہیں یا ناکافی ہیں ان کے نام کیا ہیں؛

(ب) آیا حکومت نے مذکورہ اضلاع میں ناکافی انٹرنیٹ کنیکٹیویٹی کی وجہ سے طلبہ، روزگار کے متلاشی افراد، کاروباری سرگرمیوں اور ڈیجیٹل سرکاری خدمات تک رسائی پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ لیا ہے؛

(ج) آیا ان اضلاع میں انٹرنیٹ کنیکٹیویٹی کو بہتر بنانے کے لیے کوئی منصوبے، جن میں "یونیورسل سروس فنڈ (یو ایس ایف)" یا کسی دیگر پروگرام کے ذریعے کیے جانے والے اقدامات بھی شامل ہیں، تجویز کیے گئے ہیں یا ان پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے؛ اگر ایسا ہے تو ان کی تفصیلات کیا ہیں؛ نیز

(د) مذکورہ اضلاع میں قابلِ اعتماد، سستے اور تیز رفتار انٹرنیٹ تک رسائی کو یقینی بنانے کے لیے حکومت کی جانب سے کون سے اقدامات کیے گئے ہیں یا تجویز کیے گئے ہیں؟

وزیر انچارج برائے کابینہ ڈویژن

(الف) (1) **موجودہ سیلولر انفراسٹرکچر**

تمام چاروں سیلولر موبائل آپریٹرز (CMOs) چاغی، خاران، واشک اور نوشکی کے اضلاع میں سیلولر خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ جاز (Jazz) کے پاس ان اضلاع میں صرف G2 سائٹس ہیں، جبکہ دیگر آپریٹرز G2 اور G3/4G دونوں خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ ٹیلینار (Telenor) چاغی اور نوشکی میں خدمات فراہم کرنے والا اہم آپریٹر ہے، جبکہ یوفون (Ufone) خاران اور واشک کے اضلاع میں سرفہرست خدمات فراہم کنندہ ہے۔ آپریٹر وار سائٹس کی تعداد درج ذیل ہے:

ضلع	زونگ (Zong)	جاز (Jazz)	ٹیلینار (Telenor)	یوفون (Ufone)	میزان (Total)
چاغی	11	4	48	37	100
خاران	2	2	2	38	44
واشک	4	2	3	31	40
نوشکی	8	3	32	12	55

(2) **براڈ بینڈ کی رسائی بڑھانے کے لیے اٹھائے گئے/کیے جانے والے اقدامات**

ضلعی سطح پر فکسڈ لائسنس: مقامی کاروباری صلاحیتوں (Entrepreneurship) کی حوصلہ افزائی، ملک کے پسماندہ اور دور دراز علاقوں میں براڈ بینڈ کی رسائی کو فروغ دینے اور کنیکٹیویٹی کو بہتر بنانے کی مسلسل کوششوں کے حصے کے طور پر پی ٹی اے (PTA) نے 1 جنوری 2026 سے انٹرنیٹ سروسز کے لیے ضلعی سطح کے کلاس لائسنس کا اجراء شروع کر دیا ہے۔ اس لائسنسنگ فریم ورک کے تحت، مقامی کاروباری افراد اور سروس فراہم کنندگان ضلعی سطح پر براڈ بینڈ خدمات فراہم کرنے کا اختیار حاصل کر سکتے ہیں، جس سے وہ ان علاقوں میں خدمات سرانجام دینے کے قابل ہوں گے جو بڑے آپریٹرز کے لیے تجارتی لحاظ سے دشوار گزار ہو سکتے ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے فریقین ان اضلاع میں براڈ بینڈ

سروسز کی فراہمی کے لیے CVAS ضلعی سطح کے لائسنس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ CVAS ضلعی لائسنس کے معیارات اور شرائط وضوابط کی تفصیلات ضمیمہ میں بیان کی گئی ہیں۔

(ب) یہ بات تسلیم شدہ ہے کہ ایسے علاقوں میں محدود براڈ بینڈ/موبائل کنیکٹیویٹی آن لائن تعلیم، ڈیجیٹل مالیاتی خدمات اور ای-گورنمنٹ پلیٹ فارمز تک رسائی کو محدود کرتی ہے؛ اس عنصر کو PTA/USF کی جانب سے کم تر سہولیات والے علاقوں میں اقدامات کی ترجیح بندی میں مدِ نظر رکھا گیا ہے، جیسا کہ ذیل میں (ج) اور (د) میں دکھایا گیا ہے۔

پی ٹی اے جدید ترین سروے ٹولز اور ٹیکنالوجیز کے ذریعے سروس کے معیار (QoS) کے سروے کر کے علاقے میں ٹیلی کام سروسز کی دستیابی اور معیار کی باقاعدگی سے نگرانی کرتا ہے۔ لاء انفورسمنٹ ایجنسیز (LEA) کے جاری کارروائیوں اور امن و امان کی موجودہ صورتحال کی وجہ سے، 2025-26 کے دوران خاران، واشُک اور نوشکی میں کوئی فزیکل QoS سروے (فکسڈ براڈ بینڈ، موبائل QoS، یا ڈیسک ٹاپ OSS تجزیہ) نہیں کیا جا سکا؛ جبکہ چاغی میں موبائل QoS سروے کیا گیا تھا۔ صورتحال میں بہتری آتے ہی فزیکل سروے کیے جائیں گے۔

مزید برآں، ٹیلی کام خدمات سے متعلق شکایات پی ٹی اے کے کنزیومر کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم (CMS) کے ذریعے موصول اور حل کی جاتی ہیں۔ شکایات ازالے کے لیے متعلقہ آپریٹرز کو بھیجی جاتی ہیں اور قابل اطلاق ریگولیٹری فریم ورک کے مطابق پی ٹی اے ان کی نگرانی کرتا ہے۔ گزشتہ ایک سال 2025-2026 کے دوران حل کی جانے والی شکایات کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

شکایات کی نوعیت	چاغی	واشُک	خاران	نوشکی
ڈیٹا سروسز (G/4G/LTE3) سے متعلق کوریج کے مسائل	14	1	24	0
سروس کے معیار کے مسائل (خراب نیٹ ورک، شور، کال ڈراپ)	1	1	21	0
مخصوص علاقوں میں سروس کی فراہمی کے مسائل/کوریج کے مسائل	3	5	7	0
بجلی کی بندش/لوڈشیڈنگ کی وجہ سے سروس میں تعطل	0	4	14	0
کل (میزان)	**18**	**11**	**66**	**0**

(ج) **یو ایس ایف (USF) کے تین موبائل براڈ بینڈ منصوبے مکمل ہو چکے ہیں جو ان اضلاع کا احاطہ کرتے ہیں:**

منصوبہ	ہدف	موضع جات	آبادی	سبسڈی (ارب پاکستانی روپے)	حالتِ پیشرفت
NG-BSD چاغی	چاغی، نوشکی	156	171,438	1.37	مکمل شدہ
BSD چاغی	چاغی، خاران	66	109,014	1.30	مکمل شدہ
BSD خاران	خاران، واشُک	224	182,487	1.18	مکمل شدہ
کل (3 منصوبے)	-	**446**	**462,939**	**3.86**	-

USF کی حال ہی میں منظور شدہ پائپ لائن کے مطابق، مذکورہ اضلاع کے لیے فی الوقت کسی نئے منصوبے کی منصوبہ بندی نہیں کی گئی ہے۔

(د) **مستقبل کا منصوبہ**

(الف). **ٹیلینار - یوفون نیٹ ورک کا انضمام (Telenor - Ufone Network Integration):** چاغی، خاران، نوشکی اور واشُک کے اضلاع میں موبائل کوریج اور سروس کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے ٹیلینار اور یوفون نیٹ ورکس (اہم سروس پرووائیڈرز) کا انضمام جاری ہے۔ مشترکہ نیٹ ورک کی صلاحیت زیادہ ہو گی، جس سے دباو (network congestion) کو کم کرنے اور خاص طور پر مصروف اوقات کے دوران موبائل خدمات کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

(ب) **انٹرنیٹ کا معیار:**

نئے سیلولر لائسنسوں کے تحت، **G4 کے لیے ڈیٹا ریٹ کی حد (Data rate threshold) کو 4Mbps سے بڑھا کر 20Mbps کر دیا گیا** ہے، جسے مرحلہ وار انداز میں 50Mbps تک مزید بڑھایا جائے گا، تاہم یہ ہدف علاقے میں نیٹ ورک اپ گریڈیشن کے ساتھ تدریجی طور پر حاصل کیا جائے گا۔

131۔ *سیدہ شہلا رضا: کیا وزیر انچارج برائے کابینہ ڈویژن بیان فرمائیں گے:

(الف) مالی سال ۲۶۔۲۰۲۵ء کے دوران ڈویژن کے لیے مختص بجٹ کی تفصیلات کیا ہیں؛ نیز

(ب) مذکورہ فنڈز کن مدات کے تحت استعمال کیے گئے، بشمول انتظامی اخراجات اور پالیسی رابطہ کاری کے اقدامات کے لئے کتنے اخراجات کیے گئے؟

وزیر انچارج برائے کابینہ ڈویژن

(الف) مالی سال 26-2025ء کے لیے خزانہ ڈویژن کی جانب سے 7,831.512 ملین روپے مختص کیے گئے، تاکہ غیر ترقیاتی اخراجات اور 70,250.000 ملین روپے کے پی ایس ڈی پی کے لیے پی اے او یعنی سیکرٹری کابینہ کی جانب سے درج ذیل ''مطالبات زر'' کو پورا کیا جا سکے:

اعداد و شمار (پاکستانی) ملین روپے میں

مطالبہ نمبر	تفصیل	اصل گرانٹ، مالی سال (26-2025ء)	نظر ثانی شدہ گرانٹ، مالی سال (26-2025ء)
1	کابینہ	688.727	612.939
2	کابینہ ڈویژن	4,215.971	3,953.220
3	ہنگامی امداد اور وطن واپسی	2,926.814	2,739.188
92	کابینہ ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات (پی ایس ڈی پی)	70,250.000	44,480.788
	کل	**78,081.512**	**51,786.135**

(ب) مالی سال 26-2025ء کے لیے مطالبہ وار بجٹ کی تخصیص مع استعمال (ای آر ای اور نان ای آر ای) حسبِ ذیل ہے:

اعداد و شمار (پاکستانی) ملین روپے میں

نمبر شمار	اخراجات کے یونٹ کا نام	اصل گرانٹ مالی سال (26-2025ء)	نظر ثانی شدہ گرانٹ مالی سال (26-2025ء)	استعمال شدہ رقم مالی سال (26-2025ء)
مطالبہ نمبر 1: کابینہ				
1	*ای آر ای	553.810	436.612	432.183
2	**این ای آر ای	134.917	176.327	173.051
	کل (الف)	**688.727**	**612.939**	**605.234**
مطالبہ نمبر 2: کابینہ ڈویژن				
1	ای آر ای	2,446.217	1,887.329	1,871.129

2	این ای آر ای	1,769.754	2,065.891	2,053.096
	کل (ب)	**4,215.971**	**3,953.220**	**3,924.225**
مطالبہ نمبر 3: ہنگامی امداد اور وطن واپسی				
1	ای آر ای	142.410	217.410	215.734
2	این ای آر ای	2,784.404	2,521.778	2,521.027
	کل (ج)	**2,926.814**	**2,739.188**	**2,736.761**
کل موجودہ بجٹ (الف)		**7,831.512**	**7,305.347**	**7,266.220**
مطالبہ نمبر 92: کابینہ ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات				
1	ای آر ای	0	0	0
2	این ای آر ای	70,250.000	44,480.788	44,480.787
	کل (د)	**70,250.000**	**44,480.788**	**44,480.787**
	کل پی ایس ڈی پی بجٹ (ب)	**70,250.000**	**44,480.788**	**44,480.787**
	موجودہ اور پی ایس ڈی پی کا میزان اعظم (الف+ب)	**78,081.512**	**51,786.135**	**51,747.007**

***ای آر ای سے مراد ملازمین سے متعلقہ اخراجات ہیں۔**

****این ای آر ای سے مراد ملازمین سے غیر متعلقہ اخراجات ہیں۔**

نوٹ: مالی سال 26-2025ء کے لیے سینٹر وار لاگت کی بجٹ تخصیص مع استعمال منسلکہ۔ I پر ہے۔

منسلکہ۔I

مالی سال 26-2025ء کے لیے کابینہ ڈویژن اور اس کے اداروں کے حوالے سے سینٹر وار لاگت کی بجٹ تخصیص مع استعمال

اعداد و شمار (پاکستانی) ملین روپے میں

نمبر شمار	اخراجات کے یونٹ کا نام	اصل گرانٹ مالی سال (26-2025ء)	نظر ثانی شدہ گرانٹ مالی سال (26-2025ء)	استعمال مالی سال (26-2025ء)
مطالبہ نمبر 1: کابینہ (FC21C01)				
1	وفاقی وزراء/وزرائے مملکت	505.473	481.743	476.895
2	وزیر اعظم کے مشیران	63.120	38.860	37.227
3	وزیر اعظم کے معاونین خصوصی	113.437	92.336	91.112
4	تنخواہوں اور الاؤنسز میں اضافے کے لیے گنجائش (کابینہ)	6.697	0	0
	کل (الف)	**688.727**	**612.939**	**605.234**
مطالبہ نمبر 2: کابینہ ڈویژن (FC21C02)				
1	کابینہ ڈویژن (مرکزی)	2,216.090	2,056.567	2,044.484

2	گاڑیوں کا مرکزی پول (سی پی سی)	620.503	590.763	590.618
3	اثاثہ جات کی بازیابی کا یونٹ (اے آر یو)	60.000	10.236	9.809
4	شعبہ ادارہ جاتی اصلاحات (آئی آر سی)	76.000	32.224	30.416
5	محکمہ مواصلاتی سکیورٹی (ڈی سی ایس)، اسلام آباد	350.000	253.377	243.808
6	قومی محافظ خانہ دستاویزات پاکستان (این اے پی)، اسلام آباد	261.000	332.940	330.474
7	پاکستان میں حصول و فروخت کا نظام (پی پی آر اے)	311.000	256.348	255.577
8	پاکستان ادارہ برائے فروغ سیاحت اسلام آباد	224.000	44.274	44.272
9	کالعدم محکمہ برائے اسٹیشنری و فارم، کراچی	47.000	34.686	34.580
10	سپریم جوڈیشل کونسل، اسلام آباد (علامتی بجٹ)	0.006	0	0
11	تنخواہوں اور الاؤنسز میں اضافے کے لیے گنجائش (کابینہ ڈویژن)	50.372	0	0
12	پاکستان ورچوئل اثاثہ جات انضباطی اتھارٹی (پی وی اے آر اے)	0	58.702	57.118
13	پرنٹنگ کارپوریشن آف پاکستان (پی سی پی)	0	283.103	283.071
	کل (ب)	**4,215.971**	**3,953.220**	**3,924.225**
مطالبہ نمبر 3: ہنگامی امداد اور وطن واپسی (FC21E01)				
1	امدادی اقدامات	618.604	2,435.925	2,435.897
2	ہنگامی امداد سیل (6 ایوی ایشن اسکواڈرن)	308.210	303.263	300.864
3	ہنگامی امداد سیل، 6 ایوی ایشن اسکواڈرن کے لیے گرانٹ	2,000.000	0	0
	کل (ج)	**2,926.814**	**2,739.188**	**2,736.761**
	کل (الف+ب+ج): موجودہ بجٹ کی تخصیص (الف)	**7,831.512**	**7,305.347**	**7,266.220**
مطالبہ نمبر 92: کابینہ ڈویژن کے ترقیاتی اخراجات (FC22D05)				
1	پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کا پروگرام	70,000.000	44,317.000	44,317.000
2	قومی محافظ خانہ دستاویزات پاکستان کی عمارت کی بحالی اور اپ گریڈیشن	100.000	163.788	163.787
3	6 اسکواڈرن کے حفاظتی اقدامات میں بہتری اور بجلی کی فراہمی کی اپ گریڈیشن	100.000	0	0
4	قومی محافظ خانہ دستاویزات پاکستان (این اے پی) کے	50.000	0	0

	علاقائی دفتر، کراچی کی عمارت کی بحالی اور اپ گریڈیشن (نئی اسکیم)			
	کل (د)	70,250.000	44,480.788	44,480.787
	پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے کل بجٹ کی تخصیص (ب)	70,250.000	44,480.788	44,480.787
	موجودہ اور پی ایس ڈی پی کا میزان اعظم (الف+ب)	78,081.512	51,786.135	51,747.007

132* محترمہ ثمینہ خالد گھرکی: کیا وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی معاونت بیان فرمائیں گے:

(الف) آیا یہ امر واقعہ ہے کہ قواعد انصرام کار، ۱۹۷۳ کے تحت وزارت کی یہ ذمہ داری ہے کہ ہر مالی سال کے اختتام پر وزارت کی کارکردگی اور کامیابیوں سے متعلق ایک "سالانہ کتاب" تیار کر کے عام عوام کی معلومات کے لیے اپنی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرے؛

(ب) اگر ایسا ہے، تو سال ۲۵-۲۰۲۴ء کی سالانہ کتاب کی تفصیلات کیا ہیں اور اگر یہ تیار نہیں کی گئی تو اس کی وجوہات کیا ہیں؛ نیز

(ج) غفلت کے ذمہ دار افسران/اہلکاروں کے خلاف کیا کارروائی کی گئی؟

وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی (سینیٹر مصدق مسعود ملک)

(الف) جی ہاں، کارروائی کے قواعد، 1973 کے قاعدہ 25 کے مطابق، ہر مالی سال کے آغاز پر ہر ڈویژن کابینہ کی معلومات اور عام عوام کی آگاہی کے لیے ایک سالانہ کتاب (Year Book) مرتب کرے گا اور اسے مستقل ریکارڈ کے طور پر اپنی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرے گا، جس میں درج ذیل معلومات شامل ہوں گی:

الف) گزشتہ مالی سال کے دوران اس کی سرگرمیوں، کامیابیوں اور پیش رفت کی تفصیلات، جن میں صرف ایسی غیر خفیہ معلومات شامل ہوں گی جو بطور حوالہ استعمال کی جا سکیں؛

ب) گزشتہ مالی سال کے لیے مرتب کردہ سرگرمیوں کے پروگرام اور مقرر کردہ اہداف، نیز ان اہداف کے حصول کی حد تک تفصیلات؛ اور

ج) متعلقہ اعداد و شمار، جو مناسب طریقے سے جدولوں کی صورت میں مرتب کیے گئے ہوں۔

(ب) جی ہاں، وزارت نے سالانہ کتاب برائے 2024-25 مرتب کر لی ہے، جسے وزارت کی ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔ مذکورہ سالانہ کتاب کارروائی کے قواعدِ، 1973 کے قاعدہ 25 کے مطابق مرتب کی گئی ہے اور اس میں گزشتہ مالی سال کے دوران وزارت کی سرگرمیوں، کامیابیوں اور پیش رفت کی تفصیلات شامل ہیں۔

لنک:

https://mocc.gov.pk/SiteImage/Misc/files/Year%20Book%202024-25%20dated%2002-03-2026.pdf

(ج) چونکہ سالانہ کتاب برائے 2024-25 باقاعدہ طور پر مرتب کر کے وزارت کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دی گئی تھی، لہٰذا متعلقہ اہلکاروں کی جانب سے کسی قسم کی غفلت ثابت نہیں ہوئی۔ چنانچہ ان کے خلاف کسی تادیبی یا محکمانہ کارروائی کی ضرورت نہیں تھی۔

133۔*سیدہ آمنہ بتول: کیاوزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی وٹیلی مواصلات بیان فرمائیں گے:

(الف) ملک کے ایسے اضلاع جہاں براڈبینڈاور فائبر کنیکٹیویٹی ناکافی ہے،وہاں اس سہولت کو بہتر بنانے کے لیے وزارت کی جانب سے کیا اقدامات کیے جارہے ہیں؛

(ب) گزشتہ دوسال کے دوران کتنے اسکول،کالج یاسرکاری دفاتر کو تیز رفتارانٹرنیٹ سے منسلک کیا گیا؛نیز

(ج) آیادیہی اور دوردراز علاقوں کے لیے کوئی خصوصی منصوبہ موجود ہے؛اگرایساہے تواس کی تفصیلات کیاہیں؟

وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی وٹیلی مواصلات(محترمہ شزیٰ فاطمہ خواجہ)

(الف) اپنے مینڈیٹ کے تحت،یوایس ایف تمام صوبوں میں مختلف پروگرام چلارہاہے،جو تیز رفتار براڈبینڈ خدمات کی فراہمی کے لیے ٹیلی کمیونیکیشن کے بنیادی ڈھانچے کی توسیع اور ملک کے دیہی/دوردراز/کم سہولیات والے علاقوں کے لاکھوں لوگوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے میں اہم کردارادا کررہے ہیں۔

یوایس ایف کا قلمدان درج ذیل دوبڑی کیٹگریوں کے تحت منصوبوں پر مشتمل ہے:

- خدمات تک رسائی کے منصوبے(G/3G/4G2):خدمات تک رسائی کے منصوبے وقت کے ساتھ ساتھ ترقی کرچکے ہیں، جن کی شروعات سہولیات سے محروم موضع جات میں وائس اور بنیادی ڈیٹاخدمات(G2)سے ہوئی اوراب یہ کم سہولت والے موضع جات میں وائس اور تیز رفتار ڈیٹاخدمات(G/4G3)تک ترقی کرچکے ہیں۔اسی کیٹگری کے تحت،یوایس ایف نے قومی شاہراہوں،موٹرویزاور سیاحتی مقامات کے ان حصوں پر بھی کوریج فراہم کرنے کے منصوبے تیار کیے ہیں جہاں خدمات موجود نہیں تھیں۔

آغاز سے لے کراب تک،116 منصوبے شروع کیے گئے ہیں جن کا ہدف 23,000 سے زائد محروم/کم سہولت والے موضع جات(جن کی آبادی 4 کروڑ سے زائد ہے)،قومی شاہراہوں اور موٹرویز کے 2,585 کلومیٹر کوریج سے محروم/کم سہولیات کی حامل سڑکوں کے حصوں اور 31 سیاحتی مقامات ہیں۔ان میں سے 99 منصوبے پہلے ہی مکمل ہوچکے ہیں جن کے ذریعے 22,000 سے زائد موضع جات(جن کی آبادی 38.4 ملین ہے)کو ہدف بنایا گیاہے۔قومی شاہراہوں اور موٹرویز کے 2,514 کلومیٹر کوریج سے محروم/کم سہولیات کی حامل سڑکوں کے حصوں اور 8 سیاحتی مقامات تک بھی کوریج کو وسیع کردیا گیاہے۔

- بیک ہال پروجیکٹس(OFC):آپٹک فائبر کیبل بنیادی بیک ہال میڈیم ہے جسے ٹیلی کمیونیکیشن رسائی کے نیٹ ورکس پر موجودہ اور مستقبل کے ڈیٹا کے بھاری ٹریفک کے تناظر میں اس کے قابل اعتماد ہونے اور وسعت پذیری کو قرار دیا جاتا ہے۔یو ایس ایف کے اوایف سی منصوبے ایسے تحصیل ہیڈ کوارٹرز/راستے میں آنے والے قصبوں کو رابطہ خدمات کی فراہمی سے ترقی پاکر سہولیات سے محروم یونین کونسلوں/قصبوں اور یونین کونسلوں کے دستیاب رسائی نیٹ ورک کے بنیادی ڈھانچہ کو منسلک کرنے کی سطح تک پہنچ چکے ہیں،جس سے سہولیات سے محروم اور کم سہولت والے علاقوں میں مجموعی اوایف سی کی رسائی میں اضافہ ہوا ہے۔

ابتداء سے لے کراب تک،36 منصوبے شروع کیے گئے ہیں جن میں 1,497 تحصیل ہیڈ کوارٹرز/یونین کونسلز/قصبوں کو ہدف بنایا گیاہے اور 21,700 کلومیٹر سے زائد طویل آپٹک فائبر کیبل(OFC)بچھائی گئی ہے۔ان میں سے 26 منصوبے مکمل ہوچکے ہیں، جن میں 1,089 تحصیل ہیڈ کوارٹرز/یونین کونسلز/قصبے شامل ہیں اور 18,300 کلومیٹر سے زائد طویل آپٹک فائبر کیبل بچھائی جا چکی ہے۔

پاکستان بھر میں یوایس ایف کے جاری منصوبوں کی فہرست اور ان پر موجودہ پیشرفت کی صورتحال حسب ذیل ہے۔(منسلکہ۔الف پر موجود ہے۔)

(ب) یوایس ایف(USF)سہولیات سے محروم/کم سہولت والے، دیہی اور دور دراز علاقوں میں وائس اور تیز رفتار براڈبینڈ کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ ملک کی ان یونین کونسلوں کو آپٹک فائبر کیبل کے ذریعے منسلک کیا جاتا ہے جو اب تک اس کے نیٹ ورک میں شامل نہیں تھے اور رابطہ قائم کیا جاتا ہے۔یہ خدمات کے فراہم کنندگان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے کاروباری ضوابط کے مطابق تجارتی بنیادوں پر عوام اور اداروں کو بہترین رابطہ خدمات پہنچائیں۔اب تک، ملک بھر میں یوایس ایف کے آپٹک فائبر کیبل پروگرام کے تحت یوایس ایف نے 2,996 تعلیمی اداروں (بشمول اسکول، کالج، یونیورسٹیاں)، صحت کے 1,115 اداروں اور یونین کونسلوں میں 969 سرکاری دفاتر کو فعال بنانے کا ہدف حاصل کیا ہے جو اس سے پہلے تیز رفتار براڈبینڈ خدمات سے محروم تھے۔ مذکورہ بالا میں سے، گزشتہ دو سال میں تمام صوبوں میں 906 تعلیمی ادارے، صحت کے 312 ادارے اور 293 سرکاری دفاتر کو اس قابل بنایا گیا ہے کہ وہ متعلقہ خدمات فراہم کنندگان (آپریٹرز) کے ذریعے تجارتی بنیادوں پر USF کے بچھائے گئے OFC نیٹ ورک پر اپنی تیز رفتار براڈبینڈ ضروریات کو پورا کر سکیں۔

(ج) دیہی اور دور دراز علاقوں کے لیے، جو اس وقت ٹیلی کمیونیکیشن خدمات سے محروم/کم سہولتوں کے حامل ہیں، حکومت پاکستان نے وزارت آئی ٹی اور ٹیلی کام کے تحت 'یونیورسل سروس فنڈ'(USF) قائم کیا ہے تاکہ وہ اپنے مینڈیٹ کے مطابق خاص طور پر ایسے علاقوں میں خدمات فراہم کر سکے۔آغاز سے لے کر اب تک کے USF کے اقدامات کی تفصیلات جزو(الف) میں پہلے ہی بیان کی جا چکی ہیں۔

مزید برآں، USF بورڈ آف ڈائریکٹرز نے حال ہی میں 30.8 ارب پاکستانی روپے کے 25 نئے منصوبوں کو منظور کیا ہے جو کہ رسائی(G4) اور آپٹک فائبر کیبل پروگراموں کے تحت آتے ہیں، جن کا مقصد ملک کے محروم/کم سہولت والے علاقوں کے 1,560 سے زائد موضع جات میں رہائش پذیر 28 لاکھ افراد کو وائس اور تیز رفتار براڈبینڈ خدمات فراہم کرنا ہے۔اس کے علاوہ، 3,809 کلومیٹر طویل OFC بچھانے کے ذریعے سہولیات سے محروم 459 یونین کونسلوں/راستے میں آنے والے قصبوں میں بھی آپٹک فائبر کیبل بچھائی جائے گی۔

حال ہی میں منظور کیے گئے 25 منصوبوں میں سے 24 منصوبوں کا ٹھیکہ دیا جا چکا ہے اور ان پر عمل درآمد جاری ہے، جبکہ درج ذیل منصوبہ کا ٹھیکہ دینے کا عمل جاری ہے۔(منسلکہ-ب)۔

(منسلکہ جات قومی اسمبلی کی لائبریری میں رکھ دیئے گئے ہیں)

134۔*سید حسین طارق: کیا وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی معاونت بیان فرمائیں گے:

(الف) آیا وفاقی حکومت نے ایک بار استعمال ہونے والے پلاسٹک کی پیداوار، استعمال اور تلفی میں کمی کے لیے کوئی جامع قومی پالیسی یا ایکشن پلان تشکیل دیا ہے؛

(ب) اگر ایسا ہے تو اس کی نمایاں خصوصیات اور عمل درآمد کی موجودہ صورتِ حال کیا ہے؛

(ج) گزشتہ تین سال کے دوران ایک بار استعمال ہونے والے پلاسٹک پر عائد پابندیوں کے نفاذ اور ماحول دوست متبادل اشیاء کے فروغ کے لیے صوبائی حکومتوں کے ساتھ رابطہ کاری کے لیے کیا اقدامات کیے گئے ہیں؛

(د) آیا وزارت نے ایک بار استعمال ہونے والے پلاسٹک کی آلودگی، بشمول مائیکرو پلاسٹکس کے ماحولیاتی، عوامی صحت اور معاشی اثرات کا کوئی جائزہ لیا ہے؛ اگر ایسا ہے، تو اس کے نتائج کیا ہیں؛

(ہ) پلاسٹک کے فضلے کی ری سائیکلنگ کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور پلاسٹک کی مصنوعات کے مینوفیکچررز اور درآمد کنندگان کے لیے توسیعی ذمہ داری پیداوار کو فروغ دینے کے لیے حکومت کی جانب سے کیا اقدامات کیے گئے ہیں؛ نیز

(و) پلاسٹک کی آلودگی میں کمی سے متعلق پاکستان کے قومی اور بین الاقوامی وعدوں پر عمل درآمد کے لیے کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟

وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی (سینیٹر مصدق مسعود ملک)

(الف) حکومت پاکستان نے پلاسٹک کی آلودگی کو کم کرنے اور ماحول پر پلاسٹک کے کچرے کے منفی اثرات کو کم سے کم کرنے کے مقصد سے ایک ہی بار استعمال ہونے والے پلاسٹک کی پابندی اور ضابطہ بندی کے لیے ضوابط وضع کیے ہیں۔

وفاقی ریگولیٹری فریم ورک کے مطابق، صوبائی حکومتوں نے بھی اپنے صوبائی ماحولیاتی دائرہ کار اور مقامی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے، ایک ہی بار استعمال ہونے والے پلاسٹک سے متعلق اپنے اپنے ضوابط وضع اور نوٹیفائی کیے ہیں۔ یہ صوبائی ضوابط مخصوص ایک ہی بار استعمال ہونے والی پلاسٹک کی مصنوعات پر پابندیوں / ممانعتوں کا احاطہ کرتے ہیں اور ان پر عمل درآمد، نفاذ اور ماحول دوست متبادل کے فروغ کے لیے اقدامات تجویز کرتے ہیں۔

(ب) 1 سنگل یوز پلاسٹک (پابندی) کے ضوابط، 2023 کے تحت، اس میں دی گئی مقررہ تاریخوں کے مطابق، پولی تھیلین / شاپنگ بیگز، پلاسٹک کی کراکری، کٹلری، فوڈ سروس کی اشیاء اور دیگر متعلقہ مصنوعات سمیت مخصوص ایک ہی بار استعمال ہونے والی پلاسٹک کی اشیاء پر پابندی عائد کی گئی ہے۔

2۔ وجہ: یہ پابندی عائد کردہ اشیاء بنیادی طور پر اکٹھا کرنے اور ری سائیکل کرنے میں مشکل اور مہنگی ہوتی ہیں۔

3۔ نفاذ کا طریقہ کار: پاکستان انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (پاک ای پی اے) ان ضوابط کے نفاذ کی ذمہ دار ہے اور اسے نفاذ کے مناسب اقدامات کرنے اور خلاف ورزیوں پر جرمانے عائد کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ اس وقت اسلام آباد کیپیٹل ٹیرٹری میں نفاذ کا عمل جاری ہے، جہاں پاک ای پی اے نے نفاذ کے لیے مخصوص ٹیمیں تشکیل دی ہیں اور مارکیٹوں، دکانوں، فارمیسیوں، ریستورانوں اور دیگر متعلقہ اداروں کے دورے اور معائنے کر رہی ہے۔ نفاذ کی ان کارروائیوں کے نتیجے میں پابندی عائدہ شدہ پلاسٹک کی اشیاء ضبط کی گئی ہیں اور ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والے اداروں کو وارننگ اور نوٹس جاری کیے گئے ہیں۔

4۔ یہ ضوابط آگاہی اور اسٹیک ہولڈرز کی شمولیت پر مزید زور دیتے ہیں، جس کے تحت پروڈیوسرز، درآمد کنندگان، تقسیم کاروں اور سپلائرز کو آگاہی اور تعمیل میں تعاون کرنے کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔

5۔ صوبائی حکومتوں نے اپنے متعلقہ صوبائی ماحولیاتی دائرہ کار کے تحت ایک ہی بار استعمال ہونے والے پلاسٹک اور پلاسٹک بیگز پر اپنے اپنے معاونت ریگولیٹری اقدامات / پابندیاں عائد کی ہیں۔

(ج) وزارت موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی معاونت ورلڈ بینک کے تعاون سے چلنے والے پراجیکٹ "پلاسٹک فری ریورز اینڈ سیز فار ساؤتھ ایشیا" کے تحت نیشنل پلاسٹک ویسٹ مینجمنٹ پلان کی تشکیل کے لیے صوبائی ماحولیاتی تحفظ ایجنسیو (، کچرے کا انتظام کرنے والے اداروں، صنعت اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر کام کیا ہے۔ اس ہم آہنگی میں ماحولیاتی تحفظ کی ایجنسیوں، کچرے کا انتظام کرنے والی کمپنیوں، تعلیمی اداروں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت شامل تھی، جس کی پشت پناہی پاکستان کے پندرہ

شہروں میں بنیادی ڈیٹا اکٹھا کرنے اور پلاسٹک ویسٹ کریکٹرائزیشن سرویز کے ذریعے کی گئی۔اس عمل نے صوبائی حالات اور ذمہ داریوں کو مد نظر رکھتے ہوئے قومی سطح پر مربوط اقدامات تیار کرنے کے لیے ایک مشترکہ ثبوت کی بنیاد فراہم کی۔

این پی ڈبلیو ایم پی کے تحت نیشنل اسٹیرنگ کمیٹی کو وفاقی اور صوبائی سطح پر رابطے کے مرکزی پلیٹ فارم کے طور پر تصور کیا گیا ہے۔اس کا مقصد تمام ای پی اے کی طرف سے اپنانے کے لیے معیاری ترجیحی اصولوں پر متفق ہونا ہے۔اس کے بعد صوبائی اور وفاقی ای پی اے ان ہم آہنگ، ضوابط کو جاری اور نافذ کریں گے، جن میں چھوٹے سائز کے الہ جمع کیے جانے والے اور ری سائیکل نہ ہونے والے ایس یو پیز کو مرحلہ وار ختم کرنے کے اقدامات کے ساتھ ساتھ پلاسٹک کی مصنوعات کے مینوفیکچرز وری سائیکلرز اور بلک صارفین کے لیے رجسٹریشن کی ضروریات شامل ہیں۔

تجویز کردہ این ایس سی اس باہمی رابطے کو برقرار رکھنے کے لیے ایک ادارہ جاتی طریقہ کار فراہم کرتا ہے۔اسے این پی ڈبلیو ایم پی کے لیے سب سے بڑے نگرانی کرنے والے ادارے کے طور پر دیکھا گیا ہے اور اس میں وفاقی حکومت اور صوبائی ای پی اے کی نمائندگی شامل ہے۔اس کے فرائض میں وفاقی اور صوبائی وزارتوں / محکموں، ای پی اے اور کچرے کا نظام کرنے والی کمپنیوں کے درمیان تعاون کو فروغ دینا، قومی اور صوبائی پلاسٹک کے کچرے کے قوانین اور معیارات کا جائزہ لینا: طے شدہ کارکردگی کے اشاریوں (انڈیکیٹرز) کی نگرانی کرنا؛اور پورے ملک مین نفاذ کی صلاحیت کو مضبوط بنانا شامل ہے۔

درمیانی اور طویل مدت میں، یہ پلان پائیدار مواد کی تحقیق اور ترقی اور مضبوط ضوابط اور نفاذ میں سرمایہ کاری فراہم کرتا ہے۔

پائیدار متبادل کے لیے، یہ پلان ایک مخصوص ہدف اور مرحلہ وار طریقہ کار قائم کرتا ہے۔یہ روایتی پلاسٹک کی مصنوعات کو تصدیق شدہ متبادل سے بدلنے، بائیوڈیگریڈیبل، کمپوسٹ ایبل اور بائیو میڈ مواد کے لیے قومی سرٹیفیکیشن اور لیبلنگ کے معیارات کی ترقی، تیسرے فریق کی جانچ، پائلٹ پروجیکٹس اور مقامی طور پر دستیاب زرعی اور قابل تجدید خام مال کے فروغ کی فراہی کرتا ہے۔یہ ایکشن پلان بالآخر 2050 تک ہدف شدہ ایک ہی بار استعمال ہونے والی اشیاء میں سے 50 فیصد تک کو تصدیق شدہ متبادل یا دوبارہ استعمال کے نظام سے بدلنے کا تصور پیش کرتا ہے۔یہ پلان مخصوص ایس یو پی مصنوعات کے لیے عملی متبادل کی بھی نشاندہی کرتا ہے، جن میں دوبارہ استعمال ہونے والے تھیلے، دوبارہ استعمال ہونے والے یا واپس کرنے کے قابل مشروبات کے کنٹینرز، گلاس اور سٹینلیس سٹیل کی بوتلیں، دوبارہ استعمال ہونے والے کھانے کے کنٹینرز اور بانس، لکڑی، پیپر بورڈ اور زرعی خام مال جیسے مواد سے بنے متبادل شامل ہیں۔

اس کے علاوہ، این پی ڈبلیو ایم پی وفاقی اور صوبائی سطح پر مربوط آگاہی اور صلاحیت سازی کے اقدامات فراہم کرتا ہے۔این ایس سی کے توقع کی جاتی ہے کہ وہ وفاقی اور صوبائی ماحولیاتی محکموں کے لیے مواصلات کے مشترکہ رہنما خطوط اور سالانہ ورک پلان تیار کرے گا، جبکہ پیغامات کو ہر صوبے کی زبان اور مقامی حالات کے مطابق ڈھالنے کی اجازت بھی دی جائے گی۔یہ پلان یہ بھی تجویز کرتا ہے کہ صوبائی ماحولیاتی محکمے پائیدار رویے کی حوصلہ افزائی کے لیے ترغیب پر مبنی پلاسٹک کریڈٹ پروگراموں پر غور کریں۔

اس کے مطابق، این پی ڈبلیو ایم پی الگ تھلگ صوبائی پابندیوں سے ہٹ کر ایک مربوط قومی نقطہ نظر کی طرف بڑھنے کے لیے ادارہ جاتی، ریگولیٹری اور نفاذ کا فریم ورک فراہم کرتا ہے۔یہ ہم آہنگ ضوابط، مشترکہ وفاقی / صوبائی حکمرانی، نفاذ اور رپورٹنگ کے تال

میل، قابل عمل متبادل کے فروغ، پروڈیوسر کی ذمہ داری، آگاہی اور صلاحیت سازی کو یکجا کرتا ہے، جبکہ متعلقہ وفاقی اور صوبائی ماحولیاتی حکام کے ذریعے نفاذ کو برقرار رکھتا ہے۔

(د) وزارت موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی معاونت نے ورلڈ بینک کے تعاون سے "پلاسٹک ویسٹ: اے جرنی ڈاؤن دی انڈس ریور بیسن ان پاکستان" کے عنوان سے ایک مطالعہ کیا ہے۔اس مطالعے میں پلاسٹک کی آلودگی کو ماحولیاتی تشویش کے ایک ابھرتے ہوئے مسئلے کے طور پر اجاگر کیا گیا ہے، جس کے پاکستان میں پانی کے معیار، ماحولیاتی سالمیت اور ماحولیاتی پائیداری پر نمایاں اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ نتائج سے پتہ چلتا ہے کہ غیر نظم شدہ پلاسٹک کا کچرہ، خاص طور پر ایک ہی بار استعمال ہونے والا پلاسٹک، خشکی اور آبی ماحولیاتی نظام کی آلودگی کا سبب بنتا ہے اور دریاؤں اور سمندری ماحول پر منفی اثر ڈالتا ہے۔ یہ مطالعہ عوامی صحت، معاشی اور اقتصادی سرگرمیوں پر پلاسٹک کی آلودگی کے ممکنہ اثرات کو مزید اجاگر کرتا ہے، جو پلاسٹک کے کچرے کے بہتر انتظام، آلودگی کی روک تھام اور وسائل سے بھرپور سرکولر اکانومی کے طریقوں کی ضرورت پر زور دیتا ہے۔

حکومت ریگولیٹری، ادارہ جاتی اور صلاحیت سازی کے اقدامات کے ذریعے پلاسٹک کے کچرے کے انتظام اور ری سائیکلنگ کو مضبوط بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ پی ایل ای اے ایس ای پروجیکٹ کے جائزوں کے تحت، پلاسٹک کے کچرے کو جمع کرنے، ری سائیکل کرنے اور وسائل کی بازیابی کو بہتر بنانے اور سرکولر اکانومی کے طریقوں کو فروغ دینے کے لیے اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت اور تکنیکی صلاحیت سازی کی سرگرمیاں انجام دی گئیں۔

اس کے ساتھ ساتھ، ری سائیکل شدہ مواد کے استعمال کو فروغ دینے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، بشمول سنگل یوز پلاسٹک کے ضوابط کے تحت یہ شرط بھی شامل ہے کہ ایک ہی بار استعمال ہونے والے پلاسٹک کے مخصوص مشروبات کے کنٹینرز میں یکم جولائی 2028 سے کم از کم 50 فیصد ری سائیکل شدہ پلاسٹک لازماً شامل ہو۔

حکومت پلاسٹک کے کچرے کو جمع کرنے، اس کی بازیابی اور ماحول کے لحاظ سے درست طریقے سے انتظام کرنے کے لیے مینوفیکچررز، درآمد کنندگان اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی ذمہ داری کو بڑھانے کی پالیسی کے طور پر "ایکسٹینڈڈ پروڈیوسر رسپانسبلٹی (ای پی آر) پر بھی غور کر رہی ہے۔

PLEASE پروجیکٹ نے ای پی آر (EPR) اور اس سے وابستہ مالیاتی طریقوں پر تکنیکی مشاورت اور علم کے تبادلے کو آسان بنایا ہے۔ حکومت پاکستان کی طرف سے ای پی آر کا فی الحال مطالعہ کیا جا رہا ہے اور صنعت کے شعبے میں مجموعی معاشی رکاوٹوں کی وجہ سے ابھی تک کوئی باضابطہ قومی ای پی آر فریم ورک حتمی شکل یا قابل عمل نہیں بنایا گیا۔

(و) پاکستان باسل کنونشن کے تحت اپنی ذمہ داریوں کو بھی نافذ کر رہا ہے، جس میں کنونشن اور قابل اطلاق امپورٹ پالیسی آرڈر (IPO) کے مطابق پلاسٹک کے کچرے کی سرحد پار نقل و حرکت کا ماحولیاتی لحاظ سے درست انتظام اور کنٹرول شامل ہے۔

وزارت موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی معاونت نے باسل کنونشن کے تحت پلاسٹک کے سکریپ کی درآمد کے لیے میاری آپریٹنگ طریقہ کار وضع کیے ہیں۔ وزارت موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی معاونت نے خطرناک پلاسٹک کے کچرے کی درآمد پر پابندی لگانے اور ری سائیکلنگ کے لیے دیگر پلاسٹک کے کچرے کی درآمد کو محدود کرنے کے لیے آئی پی او میں ایچ ایس) کوڈز کو شامل کیا ہے۔ مزید برآں پیشگی (پی آئی ایس) کا طریقہ کار بھی نافذ کیا جا رہا ہے۔

135۔*ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو: **کیا وزیر انچارج برائے وزیر اعظم آفس بیان فرمائیں گے:**

(الف) وزیر اعظم آفس کے انتظامی کنٹرول کے تحت کام کرنے والے ڈویژنز، محکمہ جات، منسلک اداروں، یونٹس اور دیگر دفاتر کی تفصیلی معلومات کیا ہیں؛

(ب) گزشتہ دو مالی سالوں کے دوران ایسے ہر ادارے کی طرف سے مختص کردہ کل بجٹ اور کیے گئے اخراجات کیا ہیں؛ نیز

(ج) مذکورہ مدت کے دوران ایسے ہر ادارے کے فرائض کی تفصیلات اور اس کے جاری رہنے کا جواز کیا ہے؟

وزیر انچارج برائے وزیر اعظم آفس

(الف) وزیر اعظم کا دفتر نہ تو کوئی وزارت ہے اور نہ ہی کوئی ڈویژن، اور "رولز آف بزنس 1973" کے مطابق کسی بھی ڈویژن، شعبے، منسلک شعبے یا یونٹ کو وزیر اعظم کے دفتر کے انتظامی کنٹرول میں نہیں دکھایا گیا ہے۔ تاہم، کابینہ ڈویژن کے دفتر کے یادداشت (Office Memorandum - OM) نمبر Min-1-2018/1-4 مورخہ 29.05.2018 کے تحت این ڈی ایم اے (NDMA) کو وزیر اعظم کے دفتر کے تحت رکھا گیا ہے۔

(ب) **این ڈی ایم اے کا جاری بجٹ گوشوارہ (مالی سال 2024-25 اور 2025-26)**

مالی سال	جاری کردہ بجٹ (روپے)	اخراجات (روپے)	بقایا/بیلنس (روپے)
25-2024	748,979,000	748,974,779	4,221
26-2025	874,191,310	874,190,273	1,037

(ج) مالی سال 2024-25 اور 2025-26 این ڈی ایم اے (NDMA) کے لیے مسلسل چیلنجنگ رہے، جس کی وجہ اس کی شدید مصروفیات تھیں جیسے کہ دوست ممالک کو اور پاکستان کے اندر امدادی سامان کی فراہمی، اس کے علاوہ مونسون 2024 اور 2025 کا مقابلہ کرنا۔ اس کے باوجود، این ڈی ایم اے نے اس چیلنجنگ ماحول میں سونپے گئے کاموں کو شایانِ شان طریقے سے انجام دیا۔ **این ڈی ایم ایکٹ 2010 کی دفعہ 9** کے مطابق، اتھارٹی کے اختیارات اور فرائض درج ذیل ہیں:

1. **ڈیزاسٹر مینجمنٹ (آفات سے نمٹنے)** کے لیے نافذ کرنے والے، رابطہ اور نگرانی کرنے والے ادارے کے طور پر کام کرنا؛
2. قومی کمیشن سے منظوری کے لیے **"قومی منصوبہ"** تیار کرنا؛
3. **قومی پالیسی** پر عمل درآمد، رابطہ اور اس کی نگرانی کرنا؛
4. مختلف وزارتوں یا شعبہ جات اور صوبائی اتھارٹیز کے ذریعے ڈیزاسٹر مینجمنٹ پلان تیار کرنے کے لیے **رہنما اصول وضع کرنا**؛
5. صوبائی حکومتوں اور صوبائی اتھارٹیز کو قومی کمیشن کے وضع کردہ رہنما اصولوں کے مطابق ڈیزاسٹر مینجمنٹ پلان تیار کرنے کے لیے **ضروری تکنیکی معاونت فراہم کرنا**؛
6. کسی بھی خطرہ بننے والی آفت کی صورتحال یا آفت کے موقع پر **جوابی اقدامات میں معاونت کرنا**؛
7. کسی بھی خطرہ بننے والی آفت کی صورتحال یا آفت کے جواب میں متعلقہ وزارتوں، صوبائی حکومتوں یا صوبائی اتھارٹیز کے ذریعے کیے جانے والے اقدامات سے متعلق **رہنما اصول وضع کرنا یا ہدایات دینا**؛
8. کسی خاص مقصد یا عمومی معاونت کے لیے **کسی بھی شخص کی خدمات طلب کرنا**، اور ایسا شخص تحریری طور پر اتھارٹی کی طرف سے تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرے گا اور اتھارٹی کا شریک رکن تصور ہو گا؛
9. ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق **عمومی تعلیم اور آگاہی کو فروغ دینا**؛ اور
10. ایسے **دیگر فرائض سرانجام دینا** جو قومی کمیشن کی طرف سے سرانجام دینے کے لیے مطلوب ہوں۔

2. این ڈی ایم اے (NDMA) کے مختلف شعبوں کی طرف سے کی جانے والی سرگرمیوں کا مختصر احوال **ضمیمہ-الف (Annex-A)** میں لف کیا گیا ہے۔

(منسلکہ قومی اسمبلی کی لائبریری میں رکھ دیا گیا ہے)

136۔* **محترمہ شاہدہ رحمانی:** **کیا وزیر انچارج برائے کابینہ ڈویژن بیان فرمائیں گے:**

(الف) آیا یہ امر واقع ہے کہ جاز، زونگ اور یوفون سمیت متعدد سیلولر موبائل آپریٹرز کی موجودگی کے باوجود ملک کے کئی علاقوں کے رہائشی پچھلے بیس سالوں سے موبائل نیٹ ورک کی ناقص کوریج اور ناکافی انٹرنیٹ سروسز کا سامنا کر رہے ہیں؛

(ب) اگر ایسا ہے تو ان علاقوں کے نام، سروس کے مسلسل ناقص معیار کی وجوہات کیا ہیں؛

(ج) سیلولر موبائل آپریٹرز کی طرف سے سروس کے طے شدہ معیار (کیواوایس) کے معیارات کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کی طرف سے کیا اقدامات کیے جا رہے ہیں؛

(د) آیا حکومت نے ایسے پسماندہ علاقوں میں موبائل وائس اور براڈبینڈ سروسز کے معیار کے حوالے سے کوئی سروے یا جائزہ لیا ہے؛ اگر ہاں، تو اس کے نتائج کیا ہیں؛

(ہ) آیا ایسے علاقوں میں مطلوبہ معیار کی سروس فراہم کرنے میں ناکام رہنے والے سیلولر موبائل آپریٹرز کے خلاف پی ٹی اے کی طرف سے کوئی جرمانے، ہدایات یا نفاذی کارروائیاں کی گئی ہیں؛ اگر ہاں، تو اس کی تفصیلات کیا ہیں؛ نیز

(و) متاثرہ علاقوں میں، خاص طور پر حکومت کے ۵جی سروسز متعارف کرانے کے منصوبوں کے پیشِ نظر، قابلِ اعتماد موبائل نیٹ ورک کوریج اور براڈبینڈ انٹرنیٹ سروسز فراہم کرنے کی توقع کس وقت تک کی جا سکتی ہے؟

وزیر انچارج برائے کابینہ ڈویژن

(الف) ملک میں ٹیلی مواصلات کے بنیادی ڈھانچے میں نمایاں توسیع ہوئی ہے۔ گزشتہ پانچ سال کے دوران نیٹ ورک میں خاطر خواہ بہتری کے ساتھ سیلولر سائٹس کی تعداد میں 12,000 سے زائد کا اضافہ کیا گیا ہے۔ آپریٹرز کی جانب سے نفاذ کی ذمہ داریوں اور یونیورسل سروس فنڈ (یو ایس ایف) کے تحت اقدامات کے ذریعے کوریج میں بتدریج توسیع کی گئی ہے۔ ٹیلی کام کے تازہ ترین اشاریے درج ذیل ہیں:

1) **ٹیلی کثافت (ٹیلی ڈینسٹی)**

84.34 فیصد (موبائل 83.35 فیصد + فکسڈ 0.99 فیصد) (جولائی 2026ء تک)

2) **ٹیلی کام صارفین**

212.96 ملین (موبائل 210.46 ملین + فکسڈ 2.50 ملین) (جولائی 2026ء تک)

3) **براڈبینڈ کی رسائی**

65.79 فیصد (موبائل براڈبینڈ 64.04 فیصد + فکسڈ براڈبینڈ 1.74 فیصد) (جولائی 2026ء تک)

4) **براڈبینڈ صارفین**

166.12 ملین (موبائل براڈبینڈ 161.71 ملین + فکسڈ براڈبینڈ 4.41 ملین) (جولائی 2026ء تک)

تاہم، کاروباری اور تجارتی موزونیت کے باعث کوریج میں خلا اور خدمات کی فراہمی کے مسائل موجود ہیں۔ اس کے علاوہ، بجلی کی فراہمی اور بیک ہال رابطے سے متعلق رکاوٹیں بعض علاقوں میں نیٹ ورک کی تنصیب اور خدمات کی دستیابی کو متاثر کر سکتی ہیں۔

(ب) کوریج میں توسیع اور خدمات میں بہتری ایک مسلسل عمل ہے، جس میں سیلولر موبائل آپریٹرز (سی ایم اوز) مصروفِ عمل ہیں۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) ٹیلی کام خدمات کے مجموعی معیار اور دستیابی کی مسلسل نگرانی کرتی ہے اور جہاں ضروری ہو، متعلقہ لائسنس یافتگان کو مطلوبہ بہتری لانے کی ہدایت دیتی ہے۔ آپریٹرز کی جانب سے ظاہر کردہ متوقع کوریج والے علاقوں کی

تفصیلات ان کی ویب سائٹس پر دستیاب ہیں۔ کوریج سے محروم یا کم کوریج والے علاقوں کی نشاندہی کے لیے متعلقہ لنک/ویب سائٹس سدرج ذیل ہیں:

- https://jazz.com.pk/coverage-maps
- https://www.zong.com.pk/coverage
- https://www.ufone.com/selfcare/app/support/coverage.php

(ج) پی ٹی اے قابل اطلاق خدمات کے معیار سے متعلق ضوابط کے تحت آواز، ایس ایم ایس اور موبائل براڈبینڈ کے لیے مقررہ اہم کارکردگی اشاریوں (کے پی آئیز) کے مطابق ملک بھر میں آزادانہ، شکایات کی بنیاد پر اور مشترکہ معیارِ خدمات (کیو او ایس) کے سروے باقاعدگی سے کرتی ہے۔

جہاں مقررہ معیار کی عدم تعمیل سامنے آتی ہے وہاں متعلقہ سیلولر موبائل آپریٹرز (سی ایم اوز) کو مقررہ مدت کے اندر اصلاحی اقدامات اور خدمات کو بہتر بنانے کی ہدایت دی جاتی ہے۔ بعد ازاں دوبارہ تصدیقی سروے اور دیگر ضابطہ جاتی نگرانی کے طریقہ ہائے کار کے ذریعے تعمیل کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ مسلسل یا سنگین عدم تعمیل کی صورت میں قابل اطلاق قوانین، ضوابط اور لائسنس کی شرائط کے مطابق مناسب ضابطہ جاتی کارروائی شروع کی جاتی ہے۔

مزید برآں، پی ٹی اے خدمات کے معیار اور نیٹ ورک کی دستیابی کو متاثر کرنے والے بنیادی عوامل کے تدارک کے لیے متعلقہ فریقین سے مسلسل رابطے میں رہتی ہے۔ ان عوامل میں بجلی کی تجارتی فراہمی میں تعطل، ٹیلی کام کے بنیادی ڈھانچے کی چوری اور توڑ پھوڑ، بیک ہال رابطے اور دیگر عملی رکاوٹیں شامل ہیں۔

ٹیلی کام خدمات سے متعلق شکایات پی ٹی اے کے صارفین کی شکایات کے انتظامی نظام (سی ایم ایس) کے ذریعے وصول کی جاتی ہیں اور ان کا ازالہ کیا جاتا ہے۔ شکایات متعلقہ آپریٹرز کو حل کے لیے بھیجی جاتی ہیں اور پی ٹی اے قابل اطلاق ضابطہ جاتی نظام کے مطابق ان کی نگرانی کرتی ہے۔ سال 2025ء تا 2026ء کے دوران پی ٹی اے نے صارفین کی 10,359 شکایات کا ازالہ کیا، جو صارفین کے مفادات کے تحفظ کے لیے اس کی مسلسل کوششوں کی عکاسی کرتا ہے۔ تفصیلات درج ذیل ہیں:

شکایت کی نوعیت	موصولہ شکایات
ڈیٹا خدمات (3جی/4جی/ایل ٹی ای) سے متعلق کوریج کے مسائل	4,689
خدمات کے معیار کے مسائل (کمزور نیٹ ورک، شور، کال منقطع ہونا)	3,283
مخصوص علاقوں میں خدمات کی فراہمی کے مسائل/کوریج کے مسائل	1,573
بجلی کی بندش/لوڈشیڈنگ کے باعث خدمات میں تعطل	814
کل	10,359

(د) پی ٹی اے موبائل آواز، ایس ایم ایس اور براڈبینڈ خدمات کا مقررہ اہم کارکردگی اشاریوں (کے پی آئیز) کے مطابق جائزہ لینے کے لیے ملک بھر میں خدمات کے معیار (کیو او ایس) کے سروے باقاعدگی سے کرتی ہے۔ سال 2026ء کی پہلی اور دوسری سہ ماہی کے دوران 31 شہروں میں سروے کیے گئے، جبکہ 17 مخصوص علاقوں اور 14 دیہی علاقوں کو بھی سروے میں شامل کیا گیا۔

ان سرویز کے نتائج سے خدمات کے معیار میں فرق اور بہتری کے متقاضی علاقوں کی نشاندہی ہوتی ہے۔ سروے کے نتائج عام عوام کی معلومات کے لیے پی ٹی اے کی سرکاری ویب سائٹ www.pta.gov.pk پر باقاعدگی سے شائع کیے جاتے ہیں۔ نشاندہی شدہ مسائل اور عدم تعمیل کے معاملات پر ضروری اصلاحی اقدامات اور خدمات کی بہتری کے لیے متعلقہ سیلولر موبائل آپریٹرز (سی ایم

اوز) کے ساتھ کارروائی کی جاتی ہے۔ بہتری کا جائزہ لینے کے لیے جہاں ضروری ہو، بعدازاں پیروی یا دوبارہ تصدیقی سروے بھی کیے جاتے ہیں۔

(ہ) جی ہاں، پی ٹی اے نے اپنے ضابطہ جاتی نگرانی اور جائزے کے طریقہ ہائے کار کے ذریعے قابلِ اطلاق معیارات اور لائسنس کی شرائط کی عدم تعمیل کے واقعات کی نشاندہی کی ہے۔ ایسے معاملات میں قابلِ اطلاق قانونی اور ضابطہ جاتی دفعات کے مطابق نفاذ کی کارروائی شروع کی جاتی ہے۔ اس کارروائی میں تنبیہی خطوط اور اظہارِ وجوہ کے نوٹسز (ایس سی اینز) جاری کرنا، نیز جہاں ضروری ہو مالی جرمانے عائد کرنا شامل ہو سکتا ہے۔

گزشتہ پانچ سال کے دوران قابلِ اطلاق ضابطہ جاتی تقاضوں کی خلاف ورزی پر سیلولر موبائل آپریٹرز (سی ایم اوز) پر تقریباً 4.270 ارب روپے کے مالی جرمانے عائد کیے گئے۔ نفاذ کی کارروائیوں کا خلاصہ درج ذیل ہے:

تنبیہی خطوط	جاری کردہ اظہارِ وجوہ کے نوٹسز	جرمانہ (ارب روپے)
22	96	4.270

(و) حکومتِ پاکستان نے ملک بھر میں براڈبینڈ کی رسائی بڑھانے اور ڈیجیٹل رابطے کو بہتر بنانے کے لیے مختلف پالیسی اور ضابطہ جاتی اقدامات کیے ہیں۔ ان اقدامات میں براڈبینڈ کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانا، اسپیکٹرم کی دستیابی میں اضافہ، جدید ٹیکنالوجیز کی تنصیب میں سہولت فراہم کرنا اور قابلِ اعتماد، قابلِ برداشت اور ملک گیر ڈیجیٹل رابطے کو یقینی بنانے کے لیے سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنا شامل ہے۔ 5 جیخدمات کے حوالے سے تازہ ترین پیش رفت درج ذیل ہے:

i. ملک میں 5 جی ٹیکنالوجی کا آغاز کامیاب ملٹی بینڈ اسپیکٹرم نیلامی کے ذریعے کیا گیا، جس کے بعد 19 مارچ 2026ء کو لائسنسوں پر دستخط کیے گئے۔

ii. پالیسی ہدایت نامے کے تحت منظور شدہ نئی نفاذی ذمہ داریوں کو نئے این جی ایم ایس لائسنسوں میں شامل کیا گیا، تاکہ ملک میں 4 جی خدمات کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ ف 5 جی کا مرحلہ وار آغاز کیا جا سکے۔ اس عمل کا آغاز 20 مارچ 2026ء کو ہوا۔ نفاذ کی ذمہ داریوں کی تفصیلات منسلکہ I- پر ہیں۔

iii. پہلے مرحلے میں وفاقی اور صوبائی دارالحکومتوں میں 5 جی کی تنصیب سیلولر موبائل آپریٹرز (سی ایم اوز) کے لیے لازمی ہے، تاہم وہ اپنے کاروباری ماڈلز کے مطابق دیگر شہروں تک بھی اس کا دائرہ بڑھا سکتے ہیں۔

iv. اس وقت تمام سیلولر موبائل آپریٹرز نے مختلف شہروں میں 5 جیخدمات شروع کر دی ہیں اور پاکستان کے 23 شہروں میں 5 جی کے 1782 مقامات قائم کیے جا چکے ہیں۔

v. 5 جی خدمات اور بہتر 4 جی کارکردگی ان علاقوں میں بھی دستیاب کی جا رہی ہیں جہاں نئے بی ٹی ایس نصب کرنے اور اسپیکٹرم کو یکجا کرنے کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔ کوریج سے متعلق تازہ ترین معلومات متعلقہ آپریٹرز کی ویب سائٹس پر کوریج نقشوں کے ذریعے صارفین کو فراہم کی جا رہی ہیں۔

vi. سیلولر موبائل آپریٹرز خدمات کے معیار (کیو او ایس) سے متعلق کارکردگی کا ڈیٹا ماہانہ بنیادوں پر پی ٹی اے کو فراہم کرتے ہیں۔ فراہم کردہ ڈیٹا کی بنیاد پر پی ٹی اے مقررہ خدماتی معیار کی ذمہ داریوں کے مطابق تعمیل اور بہتری کا جائزہ لینے کے لیے سروے کرتی ہے۔

vii. پی ٹی اے نے سروے رپورٹس کی بنیاد پر ایسے علاقوں کی نشاندہی کی ہے جہاں موجودہ نیٹ ورک پر بوجھ زیادہ ہے اور کوریج میں خلا موجود ہے، تاکہ ابتدائی مرحلے میں ان مسائل کو دور کیا جا سکے۔ سیلولر موبائل آپریٹرز کے مجوزہ تنصیبی منصوبے کی مسلسل نگرانی کی جاتی ہے اور آپریٹرز کی جانب سے فراہم کردہ ڈیٹا کی سرویز کے ذریعے وقتاً فوقتاً باہمی تصدیق کی جاتی ہے۔

منسلکہ۔الف

توسیع/نفاذ کی ذمہ داریاں

فیز	مقررہ تاریخ	نفاذ کی ذمہ داریاں (4جی/5جی)
فیز1	لائسنس کی مؤثر تاریخ سے 2سال	(i)ہر سال کم از کم 1,000 مقامات پر تنصیب؛ الف) کوریج کے خلا کو دور کرنے کے لیے 20 فیصد مقامات نئی جگہوں پر مکمل طور پر نئے مقامات ہونے چاہییں (یعنی ہر سال کم از کم 200 نئے مقامات)؛ (ذیل میں نوٹ (ii) ملاحظہ کریں)۔ ب)ہر صوبے کے شہری اور دیہی علاقوں میں 4جی مقامات کی متناسب تقسیم کی جائے گی؛ ج)وفاقی اور صوبائی دارالحکومتوں، یعنی کراچی، لاہور، پشاور، کوئٹہ اور اسلام آباد/راولپنڈی میں 5جی کوریج کی دستیابی یقینی بنائی جائے گی۔ ہر شہر میں موجودہ 4جی/ایل ٹی ای مقامات کے مساوی 10 فیصد مقامات ہر سال 5جی خدمات کی فراہمی کے لیے قائم کیے جائیں گے۔ (ii)کل نیٹ ورک مقامات میں ایف ٹی ٹی ایس کا تناسب بڑھا کر 20 فیصد کیا جائے گا۔
فیز2	لائسنس کی مؤثر تاریخ سے 4سال	(i)ہر سال کم از کم 1,000 مقامات پر تنصیب؛ الف) کوریج کے خلا کو دور کرنے کے لیے 20 فیصد مقامات نئی جگہوں پر مکمل طور پر نئے مقامات ہونے چاہییں (یعنی ہر سال کم از کم 200 نئے مقامات)؛ (ذیل میں نوٹ (ii) ملاحظہ کریں)۔ ب)ہر صوبے کے شہری اور دیہی علاقوں میں 4جی مقامات کی متناسب تقسیم کی جائے گی؛ ج)مزید 10 شہروں میں 5جی کوریج دستیاب کی جائے گی، یعنی ہر صوبے، پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان، میں کم از کم 2 اضافی شہر۔ ہر شہر میں موجودہ 4جی/ایل ٹی ای مقامات کے مساوی 10 فیصد مقامات ہر سال 5جی خدمات کی فراہمی کے لیے قائم کیے جائیں گے۔ (ii)کل مقامات میں ایف ٹی ٹی ایس کا تناسب بڑھا کر 25 فیصد کیا جائے گا۔
فیز3	لائسنس کی مؤثر تاریخ سے 6سال	(i)ہر سال کم از کم 1,000 مقامات پر تنصیب؛ الف) کوریج کے خلا کو دور کرنے کے لیے 20 فیصد مقامات نئی جگہوں پر مکمل طور پر نئے مقامات ہونے چاہییں (یعنی ہر سال کم از کم 200 نئے مقامات)؛ (ذیل میں نوٹ (ii) ملاحظہ کریں)۔ ب)ہر صوبے کے شہری اور دیہی علاقوں میں 4جی مقامات کی متناسب تقسیم کی جائے گی؛ ج)مزید 10 شہروں میں 5جی کوریج دستیاب کی جائے گی، یعنی ہر صوبے، پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان، میں کم از کم 2 اضافی شہر۔ ہر شہر میں موجودہ 4جی/ایل ٹی ای مقامات کے مساوی 10 فیصد مقامات ہر سال 5جی خدمات کی فراہمی کے لیے قائم کیے جائیں گے۔ (ii)کل مقامات میں ایف ٹی ٹی ایس کا تناسب بڑھا کر 30 فیصد کیا جائے گا۔
فیز4	لائسنس کی مؤثر تاریخ سے 9سال	(i)ہر سال کم از کم 1,000 مقامات پر تنصیب؛ الف) کوریج کے خلا کو دور کرنے کے لیے 20 فیصد مقامات نئی جگہوں پر مکمل طور پر نئے مقامات ہونے چاہییں (یعنی ہر سال کم از کم 200 نئے مقامات)؛ (ذیل میں نوٹ (ii) ملاحظہ کریں)۔ ب)ہر صوبے کے شہری اور دیہی علاقوں میں 4جی مقامات کی متناسب تقسیم کی جائے گی؛ ج)مزید 15 شہروں میں 5جی کوریج دستیاب کی جائے گی، یعنی ہر صوبے، پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان، میں کم از کم 2 اضافی شہر۔ ہر شہر میں موجودہ 4جی/ایل ٹی ای مقامات کے مساوی 10 فیصد مقامات ہر سال 5جی خدمات کی فراہمی کے لیے قائم کیے جائیں گے۔ (ii)کل مقامات میں ایف ٹی ٹی ایس کا تناسب بڑھا کر 35 فیصد کیا جائے گا۔

137۔*ڈاکٹر مہرین رزاق بھٹو: کیا وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ بیان فرمائیں گے:

(الف) آیا یہ امر واقع ہے کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) نے مستحقین کی رجسٹریشن، تصدیق اور مالی امداد کی ادائیگی کے لیے سم پر مبنی/موبائل والٹ نظام متعارف کرایا ہے؛

(ب) اگر ہاں، تو اس کی تفصیلات کیا ہیں، بشمول اس مقصد کے لیے شامل کی گئی ٹیلی کام کمپنیوں، بینکوں اور پیمنٹ سروس پرووائیڈرز کے؛

(ج) آیا حکومت کو سمز کے غیر مجاز اجراء یا قبضے، وظائف سے غیر قانونی کٹوتیوں، بائیو میٹرک فراڈ، ہراسانی، استحصال یا بی آئی ایس پی کے اہلکاروں، فرنچائزز، ریٹیلرز، بینکنگ نمائندوں یا دیگر سروس پرووائیڈرز کی طرف سے مستحقین کے ساتھ بدسلوکی کی شکایات موصول ہوئی ہیں؛

(د) اگر ہاں، تو گزشتہ پانچ سالوں کے دوران موصول ہونے والی شکایات کی تعداد، صوبہ وار تفصیلات، اور ذمہ دار پائے جانے والے افراد کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ہے؛ نیز

(ہ) آیا مستحقین کو استحصال کے بغیر مالی امداد کی پوری رقم ملنے کو یقینی بنانے کے لیے کوئی آزادانہ نگرانی، شکایات ازالہ اور جوابدہی کا طریقہ کار قائم کیا گیا ہے: اگر ہاں، تو اس کی تفصیلات کیا ہیں؟

وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ (سید عمران احمد شاہ)

(الف) جی ہاں، بی آئی ایس پی (BISP) نے مستفیدین کے لیے ڈیجیٹل ادائیگی کے طریقہ کار کے طور پر سم پر مبنی سوشل پروٹیکشن والٹس (SPWs) متعارف کرائے ہیں۔ یہ نظام مالی امداد کی محفوظ اور شفاف تقسیم کو ممکن بنانے کے لیے شناختی کارڈ (CNIC) سے منسلک موبائل والٹس، سم ٹیگنگ، بائیو میٹرک تصدیق اور او ٹی پی (OTP) پر مبنی توثیق کا استعمال کرتا ہے۔

(ب) سوشل پروٹیکشن وال (SPW) کا یہ اقدام وزیر اعظم کے کیش لیس اکانومی ایجنڈے کے تحت ایک مربوط اور کثیر ادارہ جاتی کوشش کے طور پر اٹھایا گیا۔ بی آئی ایس پی اس میں مرکزی عمل درآمد کرنے والا ادارہ رہا، جو اہل مستفیدین کی نشاندہی کرنے، مستفیدین کا ڈیٹا فراہم کرنے، بی آئی ایس پی تحصیل دفاتر/مقررہ کیمپ سائیٹس پر سم کی تقسیم کے انتظامات کو ممکن بنانے، اور ایس پی ڈبلیو (SPWs) پر مجموعی منتقلی کی نگرانی کرنے کا ذمہ دار تھا۔

مواصلاتی شعبے کے حوالے سے، وزارتِ انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن (MoITT) نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (PTA) اور ٹیلی کام آپریٹرز کے ساتھ مل کر اس اقدام میں سہولت فراہم کی۔ ملک بھر کے بی آئی ایس پی تحصیل دفاتر اور مقررہ کیمپ سائیٹس پر قائم مخصوص کیوسکس کے ذریعے بی آئی ایس پی کے اہل مستفیدین کو مفت سمز جاری کرنے کے لیے تمام چار ملک گیر سی ایم اوز (CMOs) کے ساتھ ساتھ ایس سی او (SCO) سمیت تمام حصہ لینے والے موبائل آپریٹرز کو شامل کیا گیا۔

نادرا (NADRA) نے مستفیدین کی توثیق کے لیے درکار بائیو میٹرک تصدیقی بنیادی ڈھانچہ فراہم کر کے اس عمل میں تعاون کیا۔ پی ٹی اے (PTA) نے تصدیق شدہ ڈیٹا کو مستفید کے ایس پی ڈبلیو (SPW) کے ساتھ سم ٹیگ کرنے کے لیے استعمال کرنے سے پہلے، مستفید کے موبائل نمبرز/سم ریکارڈز کی ٹیلی کام کی سطح پر جانچ اور توثیق میں آسانی پیدا کی۔

بینکنگ کے شعبے کے لیے، بی آئی ایس پی نے پی پی آر اے (PPRA) کے قابل اطلاق فریم ورک کے تحت کھلی مسابقتی بولی کے ذریعے پہلے سے منتخب کردہ اور فروری 2027 تک بی آئی ایس پی کی ادائیگیوں کیلئے معاہدہ شدہ چھ پارٹنر فنانشل انسٹی ٹیوشنز (PFIs) کی خدمات حاصل کیں۔ ان پی ایف آئیز (PFIs) کو سوشل پروٹیکشن والٹس کھولنے، فعال کرنے اور چلانے اور تصدیق شدہ مستفید کی سم/موبائل نمبر کو متعلقہ ایس پی ڈبلیو کے ساتھ منسلک کرنے کے لیے مقرر کیا گیا تھا۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) نے ایس پی ڈبلیو کے نفاذ کیلئے درکار ریگولیٹری اور بینکنگ فریم ورک فراہم کیا، جس میں اکاؤنٹ/والٹ کا فعال ہونا، توثیق سے متعلق مستفیدین کی ضروریات، مالیاتی خدمات اور باہمی ربط (interoperability) شامل ہیں۔

(ج) بی آئی ایس پی کے پاس ادائیگی، سم کے اجرا اور ایکٹیویشن، بائیو میٹرک تصدیق، اور خدمات کی فراہمی سے متعلق مستفیدین کی شکایات وصول کرنے، درج کرنے اور حل کرنے کے لیے ایک مستحکم شکایات کے ازالے کا نظام موجود ہے۔ انٹیگریٹڈ گریوانس مینجمنٹ

انفارمیشن سسٹم (IGMIS)، ٹول فری ہیلپ لائن (0800-26477)، بی آئی ایس پی دفاتر، اور دیگر مخصوص ذرائع سے موصول ہونے والی شکایات کو تصدیق اور حل کے لیے فوری طور پر متعلقہ دفاتر، پی ایف آئیز (PFIs)/ سروس پرووائیڈرز یا متعلقہ حکام کو بھیجا جاتا ہے۔ بی آئی ایس پی مستفیدین کے مفادات کے تحفظ، شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنانے، اور جہاں کہیں بھی ضرورت ہو مناسب تلافی کے اقدامات کرنے کے لیے ادائیگی اور سم سے متعلق عمل کی باقاعدہ نگرانی اور تصدیق بھی کرتا ہے۔

(د) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران، مستفیدین سے متعلق کل 322,716 شکایات موصول ہوئیں، جبکہ پارٹنر بینکس کے پوائنٹ آف سیل (POS) ایجنٹس کے خلاف 136,490 شکایات درج کی گئیں۔ شکایات کا باقاعدہ جائزہ لیا گیا اور قابل اطلاق قوانین، پالیسیوں اور مقررہ طریقہ کار کے مطابق مناسب کارروائی کی گئی تھی۔ اس طرح کی کارروائی میں، جہاں کہیں بھی ضرورت تھی، متعلقہ رقم کی وصولی، بی آئی ایس پی کے مستقبل کے لین دین کرنے سے پی او ایس (POS) ایجنٹس کی بلیک لسٹنگ / غیر فعال کرنا، اور کسی بھی بے ضابطگی یا بد عنوانی میں ملوث پائے جانے والے ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی کا آغاز شامل تھا۔ یہ اقدامات جوابدہی کو یقینی بنانے، مستفیدین کے مالی مفادات کے تحفظ، اور بی آئی ایس پی کے ادائیگی کے نظام میں شفافیت اور دیانت داری کو برقرار رکھنے کے لیے کیے گئے تھے۔

(ہ) بی آئی ایس پی نے مالی امداد کی شفاف ادائیگی کو یقینی بنانے اور مستفیدین کو استحصال سے بچانے کے لیے کثیر جہتی نگرانی، شکایات کے ازالے اور جوابدہی کا نظام قائم کیا ہے۔ اس نظام میں فیلڈ کی سطح پر نگرانی، بائیو میٹرک تصدیق، ادائیگی کا موافقت، پی ایف آئیز اور سروس پرووائیڈرز کی نگرانی، اور شکایات کے اندراج، سراغ لگانے اور حل کرنے کے لیے انٹیگریٹڈ گریوانس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (IGMIS) شامل ہیں۔ بی آئی ایس پی مقررہ طریقہ کار کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے ایس بی پی (SBP)، ٹیلی کام آپریٹرز اور پی ایف آئیز کے ساتھ بھی تعاون کرتا ہے اور جہاں ضرورت ہو مناسب تلافی کے اقدامات کرتا ہے۔

138۔* محترمہ شائستہ پرویز: کیا وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی معاونت بیان فرمائیں گے:

(الف) آیا اتاترک ایونیو، بشمول میریٹ ہوٹل، اسلام آباد سے محلقہ علاقوں میں تعمیرِ نو، کشادگی، لینڈ اسکیپنگ اور اس سے متعلقہ سول ورکس شروع کرنے سے قبل ماحولیاتی اثرات کی تشخیص (ای آئی اے) یا ابتدائی ماحولیاتی معائنہ سرانجام دیا گیا تھا؛

(ب) اگر ہاں، تو عائد کردہ منظوری کی شرائط اور اس طرح کی منظوری دینے کے ذمہ دار ادارے کی تفصیلات کیا ہیں؛

(ج) آیا وزارت پاک-ای پی اے یا کسی دیگر مجاز اتھارٹی کو تعمیر کے معیار، نکاسی آب کے ڈیزائن، درختوں کے کٹاؤ، پیدل چلنے والوں کی حفاظت، ماحولیاتی اثرات یا تکمیل کے فوراً بعد سڑک کے خستہ حال ہونے کے حوالے سے کوئی شکایات موصول ہوئی ہیں یا کوئی جائزہ لیا گیا ہے؛ نیز

(د) اگر ہاں، تو اس کے نتائج کیا ہیں اور کون سے تدارکی اقدامات اپنائے گئے ہیں یا تجویز کیے جائیں گے؟

وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی (سینیٹر مصدق مسعود ملک)

(الف) جی ہاں۔ ''اتاترک ایونیو (ڈی چوک تا ایوب چوک)، اسلام آباد کو دورویہ کرنا'' کے عنوان سے منصوبے کے ماحولیاتی اثرات کا جائزہ (ای آئی اے)، منصوبے پر کام کے آغاز سے قبل، منصوبہ پیش کرنے والے ادارے کی جانب سے لیا گیا تھا۔

منظور شدہ ماحولیاتی اثرات کے جائزے کی رپورٹ کی بنیاد پر، پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایجنسی (پاک ای پی اے) نے پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ، 1997ء کی دفعہ 12 کے تحت یکم فروری، 2017ء کو ماحولیاتی منظوری دی۔

بعدازاں، منصوبے پر عمل درآمد کے دوران، پاک ای پی اے نے ماحولیاتی تقاضوں کی متعدد خلاف ورزیاں مشاہدہ کیں، جن میں درختوں کی غیر مجاز کٹائی، ٹریفک مینجمنٹ پلان جمع نہ کرانا، تخفیفی اقدامات پر عمل درآمد سے متعلق رپورٹ پیش نہ کرنا، ماحولیاتی انتظامی کمیٹی نہ ہونا اور شجر کاری کے جامع منصوبے کی عدم دستیابی شامل تھیں۔ اس پر پاک ای پی اے نے پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ، 1997ء کی دفعہ 16(2) کے تحت 31 اکتوبر، 2017ء کو ماحولیاتی تحفظ کا حکم (ای پی او) جاری کیا، جس کے بعد 27 فروری، 2020ء کو باقی ماندہ تعمیراتی سرگرمیاں روکنے کے لیے مزید ہدایات جاری کیں۔ بعدازاں، سی ڈی اے نے ترقیاتی سرگرمیاں روک دیں۔

اس کے بعد، سی ڈی اے نے نظرثانی شدہ ماحولیاتی حفاظتی اقدامات جمع کرائے اور ماحولیاتی منظوری کی تجدیدِ توثیق اور باقی ماندہ کام دوبارہ شروع کرنے کی اجازت طلب کی (منسلکہ۔I)۔ سی ڈی اے کی جانب سے جمع کرائی گئی معروضات اور تعمیل کے لیے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لینے کے بعد، پاک ای پی اے نے سخت ماحولیاتی حفاظتی اقدامات اور اضافی شرائط کی پابندی سے مشروط، باقی ماندہ کام دوبارہ شروع کرنے کی اجازت دی اور ماحولیاتی منظوری کی تجدیدِ توثیق کرتے ہوئے اسے برقرار رکھا (منسلکہ۔II)۔

(ب) منصوبے کے لیے پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایجنسی (پاک ای پی اے) نے پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ، 1997ء کی دفعہ 12 کے تحت ماحولیاتی منظوری دی تھی۔

منصوبے کے لیے اصل ماحولیاتی منظوری میں درج تمام شرائط کی تعمیل لازم تھی۔ مزید برآں، باقی ماندہ کام دوبارہ شروع کرنے کی اجازت دیتے ہوئے اور ماحولیاتی منظوری کی تجدیدِ توثیق کرتے ہوئے، پاک ای پی اے نے مؤثر ماحولیاتی انتظام اور تعمیل یقینی بنانے کے لیے مزید شرائط عائد کیں، جن میں درج ذیل شامل ہیں:

- کسی قسم کے درختوں کی کٹائی نہیں کی جائے گی؛ صرف منصوبے کی مقررہ حدود میں آنے والے نشاندہی شدہ درختوں کو اہل ماہرین کی نگرانی میں دوسری جگہ منتقل کیا جاسکے گا، جبکہ ان کی بقا کی نگرانی بھی کی جائے گی۔
- منظور شدہ شجر کاری اور دیکھ بھال کے منصوبے پر مقامی انواع کے پودے استعمال کرتے ہوئے مکمل طور پر عمل درآمد کیا جائے گا۔
- منظور شدہ ماحولیاتی انتظامی منصوبے (EMP) پر اس کی اصل روح اور مندرجات کے مطابق عمل درآمد کیا جائے گا۔
- مؤثر ماحولیاتی نگرانی کے لیے ماحولیاتی انتظامی کمیٹی (EMC) کو فعال رکھا جائے گا۔
- تعمیراتی کام کے دوران اسلام آباد ٹریفک پولیس کے تعاون سے ٹریفک کے انتظام کا منصوبہ نافذ کیا جائے گا۔
- گرد و غبار پر قابو پانے، شور کی روک تھام اور تعمیراتی فضلے کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے کے لیے مناسب اقدامات یقینی بنائے جائیں گے۔
- ماحولیاتی نگرانی کی سہ ماہی رپورٹیں پاک-ای پی اے کو پیش کی جائیں گی۔
- پاک-ای پی اے کی پیشگی منظوری کے بغیر منظور شدہ یا نظرثانی شدہ نقشۂ ترتیب میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔
- پاک-ای پی اے کو یہ اختیار حاصل رہے گا کہ وہ معائنہ کرے اور کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی شروع کرے۔
- منصوبے کی تکمیل پر ایک تکمیلی رپورٹ پیش کی جائے گی، جس میں اس امر کی تصدیق ہوگی کہ تمام ماحولیاتی شرائط پر عمل درآمد کیا گیا ہے۔

(ج) پاک-ای پی اے کے دستیاب سرکاری ریکارڈ کے مطابق، شکایات موصول ہوئی ہیں اور انہیں کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کو بھجوادیا گیا ہے، کیونکہ قانون کے مطابق درختوں کی کٹائی سے متعلق ضوابط پر عمل درآمد کی ذمہ داری سی ڈی اے کی ہے۔

تاہم، منصوبے پر عمل درآمد کے دوران پاک-ای پی اے نے پاکستان ماحولیاتی تحفظ ایکٹ، ۱۹۹۷ء کے تحت اپنے قانونی اختیارات استعمال کرتے ہوئے ماحولیاتی ضوابط کی بعض خلاف ورزیوں کی نشاندہی کی۔ ان میں غیر مجاز درختوں کی کٹائی، ٹریفک انتظام کے منصوبے کی عدم فراہمی، ماحولیاتی اثرات کو کم کرنے کے اقدامات پر عمل درآمد سے متعلق رپورٹیں پیش نہ کرنا، ماحولیاتی انتظامی کمیٹی (EMC) کا قیام عمل میں نہ لانا اور شجرکاری کے جامع منصوبے کی عدم موجودگی شامل تھیں۔ چنانچہ پاک-ای پی اے نے ماحولیاتی تحفظ کا حکم نامہ (EPO) جاری کیا اور بعد ازاں ہدایت کی کہ نشاندہی کردہ خامیوں کو دور کیے جانے تک باقی ماندہ تعمیراتی کام معطل رکھا جائے۔

(د) پاک-ای پی اے کی جانب سے نشاندہی کردہ خامیوں کو دور کرنے کے لیے کیے گئے اصلاحی اور تدارکی اقدامات کے حوالے سے کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے دستاویزی شواہد پیش کیے۔

اہم اصلاحی اقدامات میں درج ذیل شامل تھے:

- ماحولیاتی اثرات کو کم سے کم کرنے کے لیے منصوبے کے نقشۂ ترتیب پر نظرثانی؛
- نظرثانی شدہ نقشے سے درختوں کی کٹائی کو مکمل طور پر ختم کرنا، جبکہ صرف تقریباً نو (۹) درختوں کو ماہرین کی نگرانی میں دوسری جگہ منتقل کرنے کی تجویز دینا؛
- شجرکاری، درختوں کی منتقلی اور دیکھ بھال کا ایک جامع منصوبہ تیار کرنا؛
- ماحولیاتی انتظامی کمیٹی (EMC) کی تشکیل اور اسے فعال بنانا؛
- ماحولیاتی انتظامی منصوبہ (EMP) تیار کرنا اور اس پر عمل درآمد کرنا؛
- اسلام آباد ٹریفک پولیس کے تعاون سے ٹریفک کے اثرات کے جائزے اور ٹریفک انتظام کے منصوبے کی تیاری؛ اور
- باقاعدہ ماحولیاتی نگرانی اور پاک-ای پی اے کو تعمیلی رپورٹیں پیش کرنے کے لیے طریقۂ کار وضع کرنا۔

پیش کردہ دستاویزات کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد، پاک-ای پی اے نے مشاہدہ کیا کہ ماحولیاتی تحفظ کے حکم نامے میں اجاگر کیے گئے اہم ماحولیاتی تحفظات کو بڑی حد تک دور کر دیا گیا ہے۔ چنانچہ مجاز اتھارٹی نے باقی ماندہ تعمیراتی کام دوبارہ شروع کرنے کی اجازت دے دی اور ماحولیاتی منظوری کی توثیق کرتے ہوئے اسے جاری رکھنے کی اجازت دے دی، تاہم یہ اجازت اصل ماحولیاتی منظوری میں درج تمام شرائط اور پاک-ای پی اے کی عائد کردہ اضافی ماحولیاتی شرائط پر سختی سے عمل درآمد سے مشروط ہے۔ ان شرائط میں وقتاً فوقتاً ماحولیاتی نگرانی، ماحولیاتی انتظامی منصوبے (EMP) پر عمل درآمد، شجرکاری کے پروگرام پر عمل درآمد، ماحولیاتی انتظامی کمیٹی (EMC) کو فعال رکھنا، ٹریفک انتظام کے اقدامات نافذ کرنا، نگرانی کی سہ ماہی رپورٹیں پیش کرنا اور پاک-ای پی اے کی جانب سے وقتاً فوقتاً معائنہ کرنا شامل ہیں۔

(مسلکہ جات قومی اسمبلی کی لائبریری میں رکھ دیئے گئے ہیں)

139۔* جناب نوید عامر: کیا وزیر انچارج برائے کابینہ ڈویژن بیان فرمائیں گے:

(الف) آج کل پاکستانی کرکٹ ٹیم کی مسلسل ناقص کارکردگی کی وجوہات کیا ہیں؛ اور

(ب) آیا اب پاکستانی کرکٹ ٹیم کی کارکردگی کو بہتر بنانا ناممکن ہو چکا ہے؟

وزیر انچارج برائے کابینہ ڈویژن

(الف) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) ایک خود مختار ادارہ ہے، جس کے امور بورڈ کے ذریعے چلائے جاتے ہیں۔ پی سی بی کے مؤقف کہ پاکستان کی قومی کرکٹ ٹیم مسلسل ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہے، حالیہ عرصے کے دوران تمام طرزِ کرکٹ میں قومی ٹیم کی مجموعی کارکردگی کی مکمل عکاسی نہیں کرتا۔

پی سی بی نے آگاہ کیا ہے کہ پاکستان کی قومی مردوں کی کرکٹ ٹیم کی کارکردگی، بالخصوص بعض اہم بین الاقوامی ٹورنامنٹس اور بیرونِ ملک کھیلی جانے والی سیریز، میں کسی حد تک عدم تسلسل دیکھنے میں آیا ہے۔تاہم، اس دوران نمایاں کامیابیاں بھی حاصل ہوئیں اور کارکردگی میں بہتری کے ادوار بھی دیکھنے میں آئے۔ تقویمی سال 2025 کے دوران پاکستان نے کرکٹ کے تینوں طرز میں مجموعی طور پر 56 بین الاقوامی میچز کھیلے، جن میں سے 30 میں کامیابی حاصل کی۔ قومی ٹیم نے سات ایک روزہ بین الاقوامی میچز جیتے اور جنوبی افریقہ اور سری لنکا کے خلاف دو طرفہ ایک روزہ سیریز میں کامیابی حاصل کی۔اس کے علاوہ، نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ پر مشتمل سہ فریقی ایک روزہ سیریز کے فائنل تک رسائی بھی حاصل کی۔ ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل ٹیم کی کارکردگی بھی خاصی حوصلہ افزا رہی، جس نے 34 میچز میں سے 21 میں کامیابی حاصل کی اور متعدد دو طرفہ اور سہ فریقی سیریز میں نمایاں کامیابیاں اپنے نام کیں۔

پی سی بی کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کے 2025-26 کے ہوم انٹرنیشنل سیزن کے دوران قومی ٹیم نے سات سیریز کی میزبانی کی، جن میں سے چھ میں کامیابی حاصل کی، جبکہ جنوبی افریقہ کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز 1-1 سے برابر رہی۔ پاکستان نے جنوبی افریقہ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز 2-1 سے اور آسٹریلیا کے خلاف سیریز 3-0 سے جیتی۔اسی طرح، ایک روزہ بین الاقوامی میچوں میں جنوبی افریقہ کو 2-1 سے شکست دی، سری لنکا کے خلاف ایک روزہ سیریز میں 3-0 سے کلین سویپ کیا اور بعدازاں تین میچوں پر مشتمل ایک روزہ سیریز میں آسٹریلیا کو 2-1 سے ہرایا۔

پی سی بی نے اس امر کو تسلیم کیا ہے کہ قومی ٹیم کو، بالخصوص بڑے بین الاقوامی مقابلوں اور بیرونِ ملک کھیلے جانے والے میچوں میں اپنی کارکردگی میں مزید تسلسل پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔تاہم، دستیاب نتائج اس نتیجے کی تائید نہیں کرتے کہ قومی ٹیم کی کارکردگی مسلسل یا ہر لحاظ سے ناقص رہی ہے۔

(ب) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے مطابق، پاکستان کرکٹ ٹیم کی کارکردگی کو بہتر بنانا ناممکن ہے اور نہ ہی اسے ناممکن تصور کیا جاتا ہے۔ کرکٹ میں کارکردگی ایک متحرک عمل ہے، جسے مسلسل سرمایہ کاری، پیشہ ورانہ انتظام، مؤثر کوچنگ، موزوں انتخاب، کھلاڑیوں کی ترقی، اسپورٹس سائنس، تجزیاتی نظام، ملکی کرکٹ اور اعلیٰ کارکردگی کے ایک مضبوط نظام کے ذریعے بہتر بنایا جاسکتا ہے۔

پی سی بی نے مطلع کیا ہے کہ قومی ٹیم کی کارکردگی میں بہتری لانے کے لیے متعدد اقدامات کیے جاچکے ہیں اور اس مقصد کے حصول کے لیے یہ اقدامات مسلسل جاری رکھے جائیں گے۔

پی سی بی کا مؤقف ہے کہ کارکردگی میں بہتری نہ صرف ممکن ہے بلکہ یہ ادارے کا مسلسل جاری رہنے والا بنیادی مقصد بھی ہے۔اس ضمن میں توجہ اس امر پر مرکوز ہے کہ پاکستان کرکٹ میں موجودہ صلاحیتوں اور کھلاڑیوں کی ثابت شدہ استعداد کو بین الاقوامی سطح پر مسلسل اور مستقل کارکردگی میں تبدیل کیا جائے۔

140۔* محترمہ شائستہ پرویز: کیا وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ بیان فرمائیں گے:

(الف) گذشتہ ایک سال کے دوران بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے کتنے مستحق افراد کو خارج از فہرست کیا گیا کو اور ان کے اخراج کی وجوہات کیا تھیں؛

(ب) ادائیگی کرنے والے ایجنٹوں کی طرف سے غیر مجاز کٹوتیوں کے حوالے سے موصول ہونے والی شکایات کی تعداد اور اس پر کی گئی کارروائی کیا ہے؛

(ج) کسی غلط طریقے سے خارج کردہ مستحق فرد (بشمول اس کی فیملی) کے لیے بحالی کی درخواست دینے کا دستیاب طریقہ کار کیا ہے؛ نیز

(د) ادائیگی کے پوائنٹ پر کی جانیوالی کٹوتیوں کو ختم کرنے کے لیے حکومت کی طرف سے کیا اقدامات کیے جارہے ہیں؟

وزیر برائے تخفیف غربت وسماجی تحفظ (سید عمران احمد شاہ)

(الف) یکم جولائی 2025 سے 30 جون 2026 کے دوران، کل 2,259,404 مستفیدین کو بینظیر کفالت پروگرام سے خارج کر دیا گیا۔ یہ اخراج بی آئی ایس پی (BISP) کی پالیسی کے مطابق درج ذیل بنیادوں پر کیے گئے: i. لازمی تجدیدِ رجسٹریشن کے عمل کے ذریعے طے شدہ اہلیت کی حد سے زیادہ پراکسی میزنز ٹیسٹ (PMT) اسکور میں اضافہ؛ اور ii. درست ڈائنامک رجسٹری ریکارڈ کا موجود نہ ہونا، جہاں مستفید گھرانوں نے لازمی ڈائنامک سروے/تجدیدِ رجسٹریشن مکمل نہیں کی۔

بی آئی ایس پی پالیسی کے تحت، ہر مستفید گھرانے کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنی سماجی و اقتصادی حیثیت کا دوبارہ جائزہ لینے کے لیے ہر تین سال بعد تجدیدِ رجسٹریشن کروائے۔ اس وقت، عام زمرے کے تحت 32 تک PMT اسکور والے گھرانے اہل ہیں، جبکہ کم از کم ایک معذور فرد والے گھرانے 37 تک کے PMT اسکور کے ساتھ اہل ہیں۔ اس کے علاوہ، نادرا (NADRA) کی طرف سے جاری کردہ درست شناختی کارڈ (CNIC) رکھنے والے تمام مخنث (ٹرانسجینڈر) افراد پروگرام کی مقررہ شرائط کو پورا کرنے کی شرط پر اہل ہیں۔

(ب) یکم جولائی 2025 سے 30 جون 2026 کے دوران، غیر مجاز کٹوتی، غبن، اور غیر مجاز نقد رقم کے اخراج سے متعلق کل 55,579 شکایات موصول ہوئیں۔

شکایت موصول ہونے پر، مقررہ شکایت کے ازالے کے طریقہ کار کے مطابق معاملے کی مکمل جانچ پڑتال کی جاتی ہے۔ جہاں کوئی ادائیگی کا ایجنٹ یا ریٹیلر غیر مجاز کٹوتی یا دیگر فراڈ کے طریقوں میں ملوث پایا جاتا ہے، تو لاگو معاہدے کے فریم ورک کے تحت کارروائی کی جاتی ہے۔ اس طرح کی کارروائی میں ادائیگی کے ایجنٹ/ریٹیلر سے کٹی ہوئی رقم کی وصولی اور مستفید کو واپسی، بی آئی ایس پی کی ادائیگی کے امور میں مستقبل کی شرکت سے ڈیفالٹر ایجنٹ/ریٹیلر کی معطلی یا بلیک لسٹنگ، اور جہاں خلاف ورزی کی نوعیت اور شدت کا تقاضا ہو، قابل اطلاق قوانین اور معاہدے کی دفعات کے مطابق قانونی کارروائی کا آغاز بھی شامل ہے۔

(ج) کسی بھی مستفید کو مناسب قانونی چارہ جوئی کے بغیر اور منظور شدہ اہلیت کے معیار کے خلاف پروگرام سے خارج نہیں کیا جاتا۔ تاہم، اگر کسی مستفید یا گھرانے کا یہ ماننا ہو کہ اسے غلط طریقے سے خارج کیا گیا ہے، تو وہ پروگرام کی پالیسی کے مطابق سسٹم کی طرف سے جنریٹ کردہ اگلی سروے کی تاریخ کے تابع، بی آئی ایس پی ڈائنامک رجسٹری کے ذریعے ڈائنامک سروے (دوبارہ سروے) کروا کر دوبارہ بحالی کی درخواست کر سکتا ہے۔

دوبارہ سروے کی تکمیل کے بعد، گھرانے کی سماجی و اقتصادی معلومات کو اپ ڈیٹ کیا جاتا ہے اور نظرثانی شدہ PMT اسکور اور مروجہ پروگرام کی اہلیت کے معیار کی بنیاد پر اس کی اہلیت کا دوبارہ جائزہ لیا جاتا ہے۔ جہاں دوبارہ جائزے کے بعد گھرانہ اہل پایا جاتا ہے، اسے مقررہ پالیسی اور طریقہ کار کے مطابق پروگرام میں دوبارہ شامل کر لیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ، مستفیدین بی آئی ایس پی تحصیل دفاتر، بی آئی ایس پی کال سینٹر، یا دیگر باضابطہ طور پر مطلع کردہ شکایات کے ازالے کے ذرائع کے ذریعے اپنی اہلیت کی حیثیت سے متعلق معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور شکایات یا استفسارات درج کرا سکتے ہیں۔

(د) حکومت ادائیگی کے مقام پر غیر مجاز کٹوتی کو ختم کرنے کے لیے کئی اقدامات کر رہی ہے۔ سب سے اہم اقدام بی آئی ایس پی کی ادائیگیوں کو موجودہ ادائیگی کے طریقہ کار سے ہٹا کر ڈیجیٹل پیمنٹ کی صلاحیت کے حامل سوشل پروٹکشن والٹس (SPWs) پر منتقل کرنا ہے۔ اس نظام کے تحت، مستفیدین کو ان کی رقوم براہ راست ان کے انفرادی ڈیجیٹل والٹس میں ملیں گی، جس سے شفافیت میں اضافہ ہوگا،

درمیانی واسطوں پر انحصار کم ہو گا، فنڈز پر مستفیدین کا کنٹرول مضبوط ہو گا، اور غیر مجاز کٹوتی کا خطرہ نمایاں طور پر کم ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ، بی آئی ایس پی نے درج ذیل اقدامات نافذ کیے ہیں:

i. ادائیگی کے وقت مستفیدین کی بائیو میٹرک تصدیق تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ادائیگیاں صرف حقدار مستفیدین کو ہی کی جائیں؛ ii. بی آئی ایس پی کے فیلڈ اداروں اور مانیٹرنگ ٹیموں کے ذریعے ادائیگی کے امور کی مسلسل فیلڈ مانیٹرنگ اور نگرانی؛ iii. غیر مجاز کٹوتی اور ادائیگی کی دیگر بے قاعدگیوں سے متعلق شکایات وصول کرنے، ان کی جانچ کرنے اور ان کا حل نکالنے کے لیے فوری شکایات کے ازالے کے طریقہ کار؛ اور iv. ڈیفالٹر پیمنٹ ایجنٹس یا ریٹیلرز کے خلاف سخت معاہدے کی اور قانونی کارروائی، بشمول کٹی ہوئی رقم کی وصولی، بی آئی ایس پی کی ادائیگی کے امور میں مستقبل کی شرکت سے بلیک لسٹنگ، اور جہاں ضرورت ہو، قانونی کارروائی کا آغاز۔

117۔* محترمہ عالیہ کامران: کیا وزیر انچارج برائے وزیر اعظم آفس بیان فرمائیں گے:

(الف) مشترکہ مفادات کونسل (سی سی آئی) میں اس وقت زیر التواء تمام پالیسی معاملات، تنازعات اور دیگر مقدمات کی تفصیلات کیا ہیں نیز ہر معاملہ بھیجنے کی تاریخ، موضوع اور زیر التواء رہنے کی مدت ظاہر کی جائے؛

(ب) سی سی آئی نے کن معاملات میں کمیٹیوں کی تشکیل کی ہدایت کی یا کسی وزارت، ڈویژن یا ایجنسی کو معاملے کا جائزہ لینے اور سفارشات پیش کرنے کی ذمہ داری سونپی، نیز ایسی ہدایات کی تفصیلات کیا ہیں؛

(ج) آیا مذکورہ بالا ہدایات کی من و عن تعمیل کی گئی ہے؛

(د) اگر نہیں، تو کون سے کیسز میں تعمیل زیرِ التواء، تاخیر کا شکار یا نامکمل ہے، اس کی وجوہات کیا ہیں اور ان کی موجودہ صورتحال کیا ہے؛

(ہ) کون سے کیسز میں کمیٹی کی رپورٹیں یا سفارشات پیش کی جا چکی ہیں لیکن مشترکہ مفادات کونسل (سی سی آئی) کے حتمی فیصلے کا ابھی تک انتظار ہے، نیز ایسے التواء کی مدت کیا ہے؛ نیز

(و) مشترکہ مفادات کونسل (سی سی آئی) میں زیرِ التواء امور کو جلد نمٹائے جانے کو یقینی بنانے کے لیے حکومت کی جانب سے کیا اقدامات کیے جا رہے ہیں؟

(یہ سوال اگلی باری پر مؤخر کر دیا گیا ہے)

اسلام آباد،
۲۲/اکتوبر، ۲۰۲۶ء

سعید احمد میتلا
قائم مقام سیکرٹری

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

''غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات''

برائے بروز جمعہ مورخہ ۲۳/اکتوبر، ۲۰۲۶ء

31۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی:** (انتیسویں اجلاس سے مؤخر شدہ)

کیا وزیر برائے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل بیان فرمائیں گے کہ آیا ملک میں خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے قیام کے مقاصد حاصل کر لیے گئے ہیں؛ اگر ایسا ہے تو اس کی تفصیلات کیا ہیں؟

وزیر برائے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل

جی ہاں، خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) نے ان ادارہ جاتی مقاصد کو بڑی حد تک حاصل کر لیا ہے جن کے لیے اسے قائم کیا گیا تھا، تاہم سرمایہ کاری کے فروغ اور اقتصادی سہولت کاری سے متعلق اس کا وسیع تر مینڈیٹ بدستور جاری ہے۔ اس ضمن میں ہونے والی پیش رفت درج ذیل ہے:

(i) وفاقی اور صوبائی سطح پر مربوط رابطہ کاری کے طریقۂ کار کا قیام:

خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) نے وفاقی وزارتوں، صوبائی حکومتوں اور متعلقہ سرکاری شعبے کے اداروں کو فیصلہ سازی میں باہمی رابطہ کاری کے لیے ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر یکجا کیا ہے۔ مثال کے طور پر، صوبوں بھر میں سرمایہ کاری کے لیے موزوں اراضی اور منصوبوں کی نشاندہی، تصدیق اور ترقی کے سلسلے میں بین الحکومتی رابطہ کاری کی گئی ہے۔

ii) سرمایہ کاری میں سہولت کاری کے لیے ون ونڈو پلیٹ فارم کی فراہمی:

زراعت، کان کنی و معدنیات، توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، بنیادی ڈھانچے، صنعت اور سیاحت سمیت ترجیحی شعبوں میں سرمایہ کاری کی تجاویز پر ایک مربوط ادارہ جاتی طریقۂ کار کے تحت کارروائی کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر، ممکنہ سرمایہ کاروں کو اس امر کی سہولت فراہم کی جاتی ہے کہ وہ متعدد وزارتوں اور صوبائی محکموں سے انفرادی طور پر رجوع کرنے کے بجائے، نامزد شعبہ جاتی ذرائع کے ذریعے اپنی سرمایہ کاری سے متعلق امور نمٹا سکیں۔

(iii) پالیسی، ضابطہ جاتی اور انتظامی رکاوٹوں کا فوری حل:

خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) منظوریوں، ٹیکسوں، یوٹیلیٹیز، اراضی، سکیورٹی اور بین الادارہ جاتی رابطہ کاری سے متعلق مسائل کے حل میں سہولت فراہم کرتی ہے۔ مثال کے طور پر، ایسے سرمایہ کاروں کے معاملات جن میں وفاقی بورڈ آف ریونیو، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، صوبائی حکومتوں اور شعبہ جاتی نگران اداروں کی بیک وقت رائے یا معاونت درکار ہو، انہیں مربوط انداز میں حل کرنے کے لیے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے متعلقہ فورمز کے سامنے پیش کیا گیا ہے۔

iv) سرمایہ کاری کے لیے تیار منصوبوں کی تیاری اور فروغ:

خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) نے غیر ملکی حکومتوں، خود مختار سرمایہ کاروں اور بین الاقوامی کمپنیوں کے ساتھ روابط کے دوران مختلف شعبوں سے متعلق سرمایہ کاری کے مواقع کی تیاری اور فروغ میں معاونت فراہم کی ہے۔ مثال کے طور پر، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، کویت، قطر، آذربائیجان، چین اور ترکیہ کے ساتھ دوطرفہ سرمایہ کاری کے روابط کے دوران کان کنی، زراعت، توانائی، بنیادی ڈھانچے اور صنعتی ترقی کے شعبوں میں قابلِ سرمایہ کاری منصوبے پیش کیے گئے ہیں۔

(v) کاروباری ماحول اور ضابطہ جاتی اصلاحات میں پیش رفت:

خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) نے ضابطہ جاتی تقاضوں کو آسان بنانے اور حکومت کی جانب سے کاروباری اداروں کو فراہم کی جانے والی خدمات کو ڈیجیٹل بنانے کے لیے اقدامات میں معاونت فراہم کی ہے۔ مثال کے طور پر، ضابطہ جاتی لائسنسوں، سرٹیفکیٹس اور دیگر منظوریوں سے متعلق تقاضوں کی نشاندہی اور ان کی تفصیلات مرتب کرنے کے لیے پیش رفت کی گئی ہے، تاکہ بتدریج کاروباری اداروں کو ایک متحدہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم فراہم کیا جاسکے۔

(vi) نجکاری، سرکاری و نجی شعبے کی شراکت داری اور تزویراتی اقتصادی اقدامات میں سہولت کاری:

خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) نے ایسے معاملات اور منصوبوں کے لیے اعلیٰ سطحی رابطہ کاری فراہم کی ہے جن کے لیے متعدد سرکاری اداروں کے فیصلے درکار ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کی نجکاری کے عمل اور دیگر تزویراتی معاملات پر اثرانداز ہونے والے بین الادارہ جاتی مسائل پر خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے طریقۂ کار کے تحت غور کیا گیا ہے، تاکہ عمل درآمد کی رفتار برقرار رکھی جاسکے۔

(vii) سرمایہ کاروں کو بعد از سرمایہ کاری معاونت اور عمل درآمد میں سہولت کی فراہمی کو مضبوط بنانا:

خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) اپنے زیرِ سہولت منصوبوں کی مسلسل نگرانی کرتی ہے اور ابتدائی منظوریوں کے بعد پیش آنے والی مشکلات کے حل کے لیے اقدامات کرتی ہے۔ مثال کے طور پر، موجودہ اور ممکنہ سرمایہ کاروں کو یوٹیلیٹیز، حفاظتی انتظامات، ٹیکسوں، رقوم کی واپسی یا بیرونِ ملک منتقلی اور عملیاتی منظوریوں سے متعلق درپیش مسائل کو مقررہ مدت میں حل کرنے کے لیے متعلقہ وفاقی اور صوبائی حکام کے سامنے اٹھایا جاتا ہے۔

لہٰذا، خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) نے سرمایہ کاری میں مربوط سہولت کاری، فیصلہ سازی میں تیزی لانے اور مختلف شعبوں سے متعلق مشترکہ رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے ایک مؤثر ادارہ جاتی نظام قائم کیا ہے۔ تاہم، سرمایہ کاری کا فروغ اور اس ضمن میں سہولت کاری ایک مسلسل جاری رہنے والا عمل ہے۔ لہٰذا، کونسل سرمایہ کاری میں دلچسپی اور سہولت فراہم کردہ تجاویز کو عملی منصوبوں، روزگار کے مواقع، برآمدات، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور پائیدار اقتصادی ترقی میں تبدیل کرنے کے لیے بدستور سرگرمِ عمل ہے۔

43۔ **سیدہ شہلا رضا:** **کیا وزیر برائے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل ڈویژن بیان فرمائیں گے** کہ ڈویژن نے ۲۶-۲۰۲۵ء کے دوران پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟

وزیر برائے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل

مالی سال 26-2025ء کے دوران، ایس آئی ایف سی ڈویژن نے سرمایہ کاری بورڈ، متعلقہ وفاقی وزارتوں اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ رابطہ کاری کرتے ہوئے پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور اس میں سہولت فراہم کرنے کے لیے درج ذیل اقدامات کیے:

1۔ **سرمایہ کاری میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ون ونڈو نظام:**

وفاقی، صوبائی اور مقامی حکام کے ساتھ رابطہ کاری کی گئی تاکہ سرمایہ کاروں کو درپیش منظوریوں میں تاخیر، ضابطہ جاتی رکاوٹوں اور عملی مسائل کو حل کیا جاسکے۔ سرمایہ کاری کے منصوبوں کی نگرانی ایس آئی ایف سی کے کمیٹی نظام کے ذریعے کی گئی، جبکہ ضرورت کے مطابق باقاعدہ پیروی اور معاملات کو اعلیٰ سطح پر اٹھانے کا عمل بھی جاری رکھا گیا۔

2۔ **سرمایہ کاری کے منصوبوں کی تیاری اور پائپ لائن کی ترقی:**

وزارتوں، صوبائی حکومتوں اور منصوبوں کے متعلقہ ذمہ داران کے ساتھ مل کر سرمایہ کاری کے مواقع کی نشاندہی، منصوبوں کے تعارفی مسودوں کی تیاری اور ممکنہ سرمایہ کاروں کو متعلقہ اداروں اور پاکستانی کاروباری اداروں سے منسلک کرنے کے لیے کام کیا گیا۔ اس پائپ لائن میں زراعت، معدنیات، توانائی، صنعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، سیاحت اور بنیادی ڈھانچے کے شعبے شامل تھے۔

3۔ **پاکستان اور چین کے درمیان سرمایہ کاری کا فروغ:**

سرمایہ کاری کانفرنسوں اور بعدازاں رابطوں کے ذریعے کاروباری روابط قائم کرنے اور مشترکہ منصوبوں کی ترقی میں معاونت فراہم کی گئی۔

- 4 ستمبر، 2025ء کو بیجنگ میں منعقدہ کانفرنس کے نتیجے میں 9 شعبوں اور 40 ذیلی شعبوں میں 3,000-2,500 کاروباری اداروں کے درمیان کاروبار سے کاروبار (بی ٹو بی) کی 3,000-2,500 ملاقاتوں میں سہولت فراہم کی گئی جن کے نتیجے میں تقریباً 1.5 ارب امریکی ڈالر مالیت کے 21 مشترکہ منصوبوں کے معاہدے اور 7 ارب امریکی ڈالر سے زائد مالیت کی 100 سے زیادہ مفاہمتی یادداشتیں طے پائیں۔
- 24 مئی، 2026ء کو ہانگژو میں منعقدہ کانفرنس کے نتیجے میں مزید تعاون کے معاہدے طے پائے جن کی مالیت 1.22 ارب امریکی ڈالر بتائی گئی ہے۔

4۔ **سعودی عرب کے ساتھ سرمایہ کاری کے سلسلے میں روابط:**

سعودی پاکستان مشترکہ کاروباری کونسل کے ذریعے سرمایہ کاری کے مواقع پر پیش رفت کی گئی، جس میں اس کے چیئرمین، عزت مآب شہزادہ منصور بن محمد آل سعود، اور اکتوبر، 2025ء اور جون، 2026ء کے دوران سعودی کاروباری وفود کے ساتھ روابط شامل تھے۔ ان روابط کے ذریعے سعودی سرمایہ کاروں کو متعلقہ حکام اور منصوبوں کے ذمہ داران سے منسلک کیا گیا جن میں بندرگاہوں، لاجسٹکس اور بحری بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع بھی شامل تھے۔

5۔ **غیر ملکی سرمایہ کار وفود کو سہولت فراہم کرنا:**

